**Mr. Muhammad Hanif Tayab:** (a) the following quantities of oil with percentages thereof were imported on long-term contract basis during 1983—85:

| Year | Quantity (Million Tons) | Percentage of total imports |
|---|---|---|
| 1983 ............................ | 9.08 | 99.35 |
| 1984 ............................ | 6.05 | 95.88 |
| 1985 ............................ | 6.63 | 99.11 |
| | 18.76 | 98.12 (average). |

(b) The following purchases of oil were made on a Spot Market during 1983—85:

| Year | Quantity (Million tons) | Percentage of total imports |
|---|---|---|
| 1983 .............................. | 0.04 | 0.65 |
| 1984 .............................. | 0.26 | 4.12 |
| 1985 .............................. | 0.06 | 0.89 |

All the above purchases were made through tenders except one cargo of 62966 tonnes of Oman crude in 1985. It was imported on negotiated price from the representative of Omani Ministry of Petroleum & NR. This price paid was lower by $ 0.50/bbl than the Govt. specified price. This crude was imported to test the suitability of its use in the National Refinery Ltd., Karachi.

**Mr. Javed Jabbar:** Supplementary, Sir.

Firstly, I believe that the average standard for the percentage for the purchase of oil on the "Spot markets" followed by most countries in our category is between 5 to 10% whereas ours is most often below 1%. Is that correct, Sir?

**Mr. Muhammad Hanif Tayyab:** Definitely, the statistics given are correct.

**Mr. Javed Jabbar:** Why is it that we tend to purchase such a low quantity of oil on the "spot market" when prices on the "spot market" are much more advantageous than the long-term, contract rates?

**جناب محمد حنیف طیب :** لانگ ٹرم کنٹریکٹ میں بھی ہر چھ مہینے کے بعد ریویو کیا جاتا ہے۔ اور اگر escalation ہو، تو اس کے مطابق پھر پرائسز چینج ہو جاتی ہیں اس لئے ہمیں اس پر نقصان نہیں ہے اور ظاہر ہے کہ جو آئل سیلنگ کمپنیاں ہیں ان کی بھی خواہش ہوتی ہے کہ لانگ ٹرم کنٹریکٹ ہو، اس میں رسک دونوں طرف ہوتا ہے۔ آج کل کے حالات میں

[Mr. Muhammad Hanif Tayyab]

بعض اوقات ہمیں نقصان ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے لیکن چونکہ اس کا ریویو ہوتا رہتا ہے اور اس ریویو کی وجہ سے ہمیں اپنی مارکیٹ پچوایشن میں کوئی نقصان نہیں ہوتا۔

جناب چیئرمین : شکریہ ' پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد۔ غالباً جو کچھ معلومات اخبارات میں آرہی ہیں اس کی بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے۔ کہ پچھلے اڑھائی سال سے جو سپورٹ پرائسز ہیں وہ کنٹریکٹ پرائسز سے کم رہیں۔ ان حالات میں آخر ہمارے ہاں کیا وجہ ہے کہ سپاٹ پرچیز کم ہوئی ہیں اور اس مسئلے کو زیادہ گہرائی میں جا کر thresh out نہیں کیا گیا؟

جناب محمد حنیف طیب : میں فاضل رکن کے مشورے کے مطابق گہرائی میں جا کر کام کروں گا اور جو ملک و ملت کے مفاد کے مطابق ہو گا فیصلہ کیا جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ ' اگلا سوال '

## WASTAGE OF OIL AND PRODUCTS IN PUBLIC SECTOR INDUSTRIES

59. ***Mr. Javed Jabbar:** will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state:

(a) the findings of the most recent study conducted by the Government to assess the level of wastage during use of oil and oil related products in public sector industries and in the private sector; and

(b) whether there is any programme under implementation by the Government to educate citizens and oil-products users on how to minimise wastage in its use?

**Mr. Muhammad Hanif Tayab:** (a) No such study has been conducted by the Ministry of Petroleum and Natural Resources.

(b) No.

**Mr. Javed Jabbar:** Supplementary, Sir. Considering the very large percentage of our foreign exchange expenditure spent on the import of oil does not the Minister believe that such a study should be conducted?

جناب محمد حنیف طیب: ہم نے اپنے آپ کو آئل تک محدود نہیں کیا ہے اوور آل جتنی بھی انرجی ہے اسے بچانے کے لئے ایک الگ سٹڈی کی گئی ہے لیکن اس میں چونکہ صرف آئل پروڈکٹس کا کہا گیا تھا۔ تو میں نے اس کے حوالے سے 'No' میں جواب دیا ہے otherwise کینٹ میٹنگ میں بھی اس موضوع پر بات ہو چکی ہے۔ ایسے طریقے اختیار کیے گئے ہیں اور overall energy conservation اور اس کے use میں wastage سے بچنے کے لئے اقدامات کرنے کا فیصلہ ہوا ہے اور اس پر عملدرآمد ہو رہا ہے۔

**Mr. Chairman:** mr. Javed Jabbar.

**Mr. Javed Jabbar:** Since oil constitutes the over-whelming part of energy consumption expenditure in Pakistan will the Minister agree that there is a need for a specific study to determine the extent of oil wastage?

جناب محمد حنیف طیب: جب آئل تمام انرجی کا ایک پارٹ ہے اگر معزز رکن اس سے ایگری کریں تو اس کی بھی سٹڈی ہو سکتی ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں وہ فرمایہ رہے ہیں کہ اگر آپ نے تمام انرجی کی سٹڈی کی ہے تو آئل بھی اس میں شامل ہو گا اور آئل کی اگر علیحدہ ہے تو یہ کتنا ضائع ہو رہا ہے؟

He would be interested in knowing that.

جناب محمد حنیف طیب: نہیں جناب، ہر انرجی کے حساب سے ان کو الگ الگ ڈیٹیل چاہئے تو اس کے لیئے الگ فریش سوال ہو گا۔ لیکن میں ان کو صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اوور آل سٹڈی میں آئل شامل ہے۔

**Mr. Javed Jabbar:** With reference to part (b) of my question, will the Minister agree that there is a need for such a programme to educate the citizens and users of oil related products on how to minimize wastage?

**Mr. Muhammad Hanif Tayyab:** Yes, there is.

**Mr. Chairman:** Thank you.

**Mr. Javed Jabbar:** So, when is the Government going to implement such a programme?

**Mr. Chairman:** He says, that there is a need of it.

**پروفیسر خورشید احمد :** جناب چیئرمین! یہ بات واضح نہیں ہوئی حالانکہ آپ نے بھی وزیر موصوف کی مدد کی، اگر وہ کہتے ہیں کہ گورنمنٹ نے انرجی کے بارے میں سٹڈی کی ہے تو فطری طور پر اس میں دو ہی sources ہیں۔ ایک آئل ہے اور ایک گیس ہے۔ باقی تو سب بہت معمولی سے ہیں۔ تو کیا وزیر موصوف کے لئے یہ مناسب نہ تھا کہ اس سوال کے جواب میں کم از کم جو آئل کا حصہ تھا وہ ایوان کے سامنے لے آتے۔ یہ تو بہت معمولی جواب ہے؟

**جناب محمد حنیف طیب :** میں نے بتادیا ہے کہ اوور آل سٹڈی میں آئل شامل ہے اور آئل کے شامل ہونے کا اپنی سٹیٹمنٹ میں یہ انکار نہیں کیا، اور ایسے بروشر بھی چھپے ہیں جن کے ذریعے انرجی کو بچانے کے سلسلے میں ساری چیزیں موجود ہیں وہ بھی اگر ہمارے فاضل ارکان فرمائیں گے تو ٹیبل پر رکھ دیئے جائینگے۔ اس کے علاوہ میں اپنے فاضل ارکان کی تعریف کرتا ہوں وہ انرجی کو ضائع ہونے سے بچانے کے سلسلے میں تحریری طور پر بھی مجھے تجاویز دیں گے۔ تاکہ موثر طریقے سے اس wastage سے بچا جاسکے۔

**جناب چیئرمین :** اگلا سوال، حاجی محمد عمر خان صاحب

## INCREASE IN ELECTRICITY RATES

60. ***Haji Muhammad Umar Khan** (put by Engineer Muhammad Fazal Agha): Will the Minister for Water and Power by pleased to state:

(a) whether the rates of electricity for agricultural purposes have now been increased from eighteen to nineteen times as compared to the rates prevalent in the past 8 to 9 years;

(b) whether the Minister for Finance and Economic Affairs has announced that flat rate system of electricity will be introduced for the agricultural tubewells; and

(c) if so, when is the Government expected to take action accordingly?

**Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian:** (a) No.

(b) TheFinance Minister announced the proposal of flat rate system of electricity for agricultural tubewells would be considered.

(c) The Summary on flat rate has been submitted to ECC and will be considered in its next meeting.

جناب چیئرمین ۔ جناب پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد : ضمنی سوال' اس 'No' کی تفصیل بتا سکیں گے۔ اگر اتنا اضافہ نہیں ہے جتنا یہاں کہا گیا ہے تو در حقیقت کتنا اضافہ ہے ؟

**Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian:** Sir, the average rate in Punjab and Sind has gone up from 13 paisas in 1977 to 58 paisas in 1985 including the fuel adjustment charges. It comes to 4.5 times and not 18 times. The average rate in NWFP and Baluchistan has gone up from 7.33 paisas to 50 paisas *i.e.* about 7 times.

جناب چیئرمین : شکریہ ۔ جناب سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق : کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ بعض علاقوں میں جہاں زرعی ٹیوب ویلوں پر ایندھن ٹیکس لگایا گیا ہے وہاں ایندھن وغیرہ کا استعمال ہی نہیں ہوتا ایسا کیوں ہے' ٹیوب ویلوں کی بہت بڑی تعداد جو بجلی کی توانائی سے چل رہے ہیں اس پر فالتو ٹیکس یعنی ایندھن ٹیکس بھی ہر سال لگایا جاتا ہے ؟

جناب چیئرمین : جناب جمال سید میاں صاحب۔

**Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian:** Sir, this fuel tax is not levied on the electricity bill because the oil is being used in power generating system and there was always fluctuation in the prices of oil. Therefore, to change the tariff mid-year, every month or every three months, the Government decided that this differential amount should be put on the bills.

پروفیسر خورشید احمد : سپلیمنٹری سرمایہ وزیر محترم نے بتایا ہے کہ ان آٹھ سے نو سال

[Prof. Khurshid Ahmad]

میں پنجاب میں تقریباً five times اور سرحد میں seven times اضافہ ہوا ہے کیا وہ بتا سکیں گے کہ آخر اسکا criterion کیا ہے جیسے آپ ایگریکلچر کو سپورٹ دے رہے ہیں کیا اس زمانے میں دباؤ زیادہ رہا ہے یا اس زمانے میں بجلی کی cost اتنی بڑھی ہے۔ آخر agriculture کو کیوں exploit کیا جارہا ہے۔ اور جو seven times اور five times اضافہ ہے اسکی justification کیا ہے؟

**Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian:** Sir, I would like to tell the honourable Member that like everything else in the country, whether it is in the field of food or any other input, rates have been increased; so likewise the "bijli" is not produced injust by the flow of water but there are also the other incidentals which have gone up, the pay of the people has gone up, the cost of maintenance has gone up, the replacement of spares has gone up, the installation of new schemes has gone up many many times. So—, we cannot say that we can freeze the price of this commodity at the 1977 prices and not increase it at all.

**Prof. Khurshid Ahmad:** Sir, my question was quite different. There must have been some criterion on which this change has been effected. My question is that the cost of production of electricity increased 500% or 700% what is the justification of increasing it?

**Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian:** Sir, I think I have already given the justification that cost of inputs has gone up many many times and, therefore, the tariff has also gone up.

**Prof. Khurshid Ahmad:** Supplementary Sir?

**Mr. Chairman:** If the House wants more specific information, I think a separate question can be put with regard to increase in the cost of generation or operation and terms of percentage from a particular year to a particular year.

مولانا سمیع الحق: جناب وزیر صاحب نے فرمایا کہ بعض جگہوں میں پانی سے بجلی پیدا

ہوتی ہے اور بعض جگہوں سے ڈیزل سے میرے سوال کا مدعا شاید وہ نہیں سمجھ سکے۔ صوبہ سرحد میں ساری بجلی پانی سے پیدا ہوتی ہے کوئی ڈیزل استعمال نہیں ہوتا لیکن وہاں ان لوگوں پر ڈیزل کا ٹیکس بھی لگایا جاتا ہے ایندھن ٹیکس بھی۔ حالانکہ ایندھن کا کوئی ان سے تعلق نہیں ہے۔ وہ تو بجلی کا بل دیتے ہیں ایسا بھی ہوا ہے کہ پانچ سو کے بجائے نو' نو سو روپے تک بات پہنچ گئی ہے ان علاقوں میں غریب زمیندار کے ٹیوب ویل پر یہ کیوں نافذ کیا جاتا ہے جہاں ڈیزل سے بجلی نہیں بنائی جاتی؟

جناب چیئرمین: جو وزیر صاحب نے فرمایا انہوں نے یہ کہا کہ اس علاقے کا یہ سوال نہیں ہے الیکٹری سٹی ایک جگہ سے جنریٹ ہوتی ہے اور اسمیں ہائیڈرو الیکٹرک کا خرچ بھی شامل ہے اور ڈیزل کا بھی۔ سب مل ملا کے پھر تمام consumers پہ تقسیم کیا جاتا ہے۔

This is what I understood the answer but you can further elaborate it.

**Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian:** Sir, that was the thing because the various grids are inter-linked. Some are originating from Tarbela, and some may be from a thermal station and Guddu and they are inter-linked. So the cost has got to be put on both.

مولانا سمیع الحق: لا تزر وازرة وزر اخرى تو صوبہ سرحد میں اسکی کیا ضرورت ہے۔ میرا مقصد یہ ہے ان کی آگ میں اوروں کو کیوں جلایا جاتا ہے۔ ایندھن اور جلاتے ہیں اور اثر ان پر پڑتا ہے۔

جناب چیئرمین: جہاں تک لا تزر وازرة وزر اخرى کا تعلق ہے ملک کو آپ ایک ہی بوجھ اٹھانے والا سمجھیں یا الگ الگ صوبوں کو سمجھیں۔ الگ الگ صوبوں میں پھر الگ الگ ضلعوں کو سمجھیں۔ میرے خیال میں جس طریقے سے الیکٹری سٹی کا سسٹم چل رہا ہے اس میں ملک کو ہی ایک تصور کیا جاتا ہے۔

انجینئر سید محمد فضل آغا: سردیوں میں بعض علاقے ایسے ہیں جہاں ٹیوب ویل چلتے ہی نہیں ہیں اگر یہ ریٹس لگا دیں گے تو ان ٹیوب ویلوں یا ان areas کے متعلق کیا ہوگا جہاں سردیوں میں ٹیوب ویل بند رہتے ہیں؟

جناب چیئرمین : اسکے لئے آپ علیحدہ سوال پوچھیں اگلا سوال جناب مولانا کوثر نیازی صاحب۔

## ARAB OIL REFINERY PLAN

61. ***Maulana Kausar Niazi:** Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state:

(a) whether it is a fact that, about ten years ago a plan was drawn up to establish an Arab Oil Refinery at Multan to meet the requirements of the province of the Punjab; and

(b) the reasons to keep this plan pending so far?

**Mr. Muhammad Hanif Tayyab:** (a) Yes. Pak Arab Refinery Company was established in 1973 under a protocol signed between the Government of Pakistan and Government of Abu Dhabi for setting up of a two million tons/annum capacity refinery near Multan and the associated pipeline. This refinery was planned to meet the requirement of POL products of the country as a whole, particularly the area to North of Multan.

(a) The refinery could not be established because of its adverse economics for disposal of surplus products and it was decided to complete the pipeline portion of the project for transportation of deficit products (SK & HSD) from Karachi to Gujrat which has since been completed. The refinery component was kept in abeyance (except for completing the Engineering design) with a view to review the economic geography of the project in relation to expansion of refining capacity at ARL Rawalpindi for processing indigenous crude and proposed topping unit for Dhodak Condensate. In fact the project was temporarily shelved till the time as the economics of the project has been finally worked out. A refinery infrastructure study is being conducted by the consultants of international repute through the World Bank, in order to find out the best option in this regard. A decision will be taken in the light of findings of this report.

مولانا کوثر نیازی : جناب وزیر صاحب بتائیں گے کہ اس منصوبے پر اب تک کتنا خرچ ہو چکا ہے؟

جناب محمد حنیف طیب : اس منصوبے کے مختلف مراحل کے بارے میں تو اس وقت میرے پاس مواد موجود ہے لیکن expenses کے بارے میں' میں next sitting میں بتادوں گا۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : یہ ریفائنری ملتان میں بنانے کی ضرورت کیا تھی؟

جناب چیئرمین۔ ریفائنری نہیں بنی یہی تو وہ جواب دے رہے ہیں۔ ریفائنری نہیں بنی ایک پائپ لائن بنی ہے۔

مولانا کوثر نیازی : کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ رپورٹ جسکا ذکر انہوں نے کیا ہے کہ یہ بین الاقوامی شہرت کے حامل مشیروں کی مدد سے تیار کی جارہی ہے تو یہ رپورٹ تیار کرنے کیلئے کب کہا گیا اور کتنا مزید وقت اس رپورٹ کی تیاری میں لگے گا؟

جناب محمد حنیف طیب : یہ تو صرف ہفتوں کی بات ہے اور انشاءاللہ اسکی رپورٹ آنے پر جلد اسکا فیصلہ کیا جائیگا۔

مولانا کوثر نیازی : تو یہ دس سال جناب والا! کس مسئلے میں خرچ کئے گئے اگر چند ہفتوں میں کہا گیا ہے کہ تیار ہو گا تو دس سال کیوں لگائے گئے؟

جناب محمد حنیف طیب : چند ہفتے پہلے کہا گیا ہے دوسری بات یہ کہ ۱۹۷۳ء سے ۱۹۷۷ء تک کے بارے میں صحیح صورتحال سے مجھ سے زیادہ آپ واقف ہونگے اسی کے تحت ۷۳ میں پہلی مرتبہ اسکو بنانے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ اس وقت اسکی تقریباً لاگت ر ۹۰ ملین روپے تھی اسمیں سے ۵۵۵ ملین فارن کمپونی تھا۔ بعد میں اس زمانے میں delay ہوا؟ تو ۷۶ء میں ECNEC نے دوبارہ اسکو revise کیا تو یہ ۱۸۰۰ ملین تک پہنچ گیا۔ اور اسمیں فارن کمپونی ۱۲۰۰ ملین تک پہنچ گیا تو یہ delay ایک مدت سے چلا آرہا ہے۔ اب مجھے یہ کام سونپا گیا ہے کہ اس قسم کا نہ ہو اور آج انشاءاللہ I shall try my best کہ رپورٹ جلدی آجائے اور اسکی روشنی میں فیصلے بھی جلدی ہوں۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! ۷۳ء سے ۷۷ء تک تو چار سال کا عرصہ ہے اور ۷۷ء سے ۸۶ء تک آٹھ نو سال کا عرصہ ہے اسلئے اسکی ذمہ داری ان غریب چار سالوں پر نہیں ڈالی جا سکتی۔ کیا وزیر صاحب انصاف سے یہ کہ سکتے ہیں کہ نو سال زیادہ ہیں یا چار سال؟

جناب محمد حنیف طیب : نو سال اور چار سال میں فرق جتنا انگلش کے حساب سے ہے وہ میرے خیال میں اردو میں بھی اتنا ہی ہے۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ وقفہ سوالات ختم۔

---

## LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین - جناب پیر سید عباس شاہ صاحب نے اپنی نجی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۲ تا ۶ فروری ۸۶ء رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب اصغر علی شاہ صاحب اپنی بیماری کی بنا پر ایوان میں ۲۳ سے ۳۰ جنوری تک شرکت نہیں کر سکے انہوں نے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : چونکہ انکو رخصت کی ضرورت بھی نہیں ہے اور ہمارے ممبر بھی نہیں لیکن زین نورانی صاحب نے ایک خط کے ذریعے اطلاع دی ہے کہ انکو بخار ہے اور آج وہ اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ تو انکے متعلقہ امور کو غالباً postpone کرنا پڑے گا

We will take them up as we come to those.

تحریک استحقاق - جناب مولانا سمیع الحق صاحب۔

## PRIV. MOTION *RE:* FAILURE OF THE SENATE SECTT. TO GIVE NOTICE TO THE MINISTER CONCERNED REGARDING AN ADJOURNMENT MOTION

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایوان میں میرے استحقاق سے متعلق حسب ذیل معاملہ زیر غور لایا جائے۔ میں نے مسجد اقصیٰ کی توہین پر مبنی اسرائیلی پارلیمینٹ کے ارکان کی نہایت افسوسناک اور شرمناک جسارت کے بارے میں ۲۱ر جنوری ۱۹۸۶ء کو سینٹ میں تحریک التواء کا نوٹس دیا ہے۔ اس تحریک کا نمبر ستائیس ہے۔ آج تیرھواں دن ہے اور اس سے قبل کئی امور کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ آج سینٹ سے میرے استفسار پر بتایا گیا، جس کا تحریری ثبوت بھی میرے پاس موجود ہے، کہ چونکہ متعلقہ وزیر

کونوٹس نہیں دیا گیا اس لئے اس تحریک کو آج لینا مشکل ہے۔ جناب چیئرمین! میری گزارش یہ ہے کہ قوانین اور ضابطہ کار کی رو سے متعلقہ وزیر کو اولین اور فوری فرصت میں نوٹس دینا ضروری ہوتا ہے۔ آج دو ہفتے گزرنے کے باوجود ایسے اہم اور فوری نوعیت کے واقعہ کو متعلقہ افراد اور وزراء کے نوٹس میں نہ لا کر خلاف ضابطہ کارروائی کی گئی ہے۔ جس سے ایوان کا اور میرا استحقاق مجروح ہوا ہے اس لئے اسے زیر غور لایا جائے۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ جناب وزیر انصاف صاحب۔

جناب اقبال احمد خان : جناب چیئرمین! مجھے معزز سنیٹر کا بے حد احترام ہے لیکن بدقسمتی سے کوئی تحریک کم از کم ضابطہ کے مطابق تو پیش کریں بعد میں میرے ساتھ یہ گلہ فرماتے ہیں کہ میں مخالفت کرتا ہوں۔ آج تک پارلیمانی تاریخ میں کبھی استحقاق کی تحریک سیکرٹریٹ کے کسی کام کے متعلق پیش نہیں کی جاتی۔ اگر ان کو اس بات کا کوئی خیال تھا کہ ان کی تحریک کا کوئی نوٹس سیکرٹریٹ کی طرف سے متعلقہ وزیر کو نہیں دیا گیا تو اس کا بہتر طریقہ یہ ہوتا ہے کہ وہ جناب چیئرمین! آپ سے رابطہ قائم کرتے اور آپ مناسب ہدایات جاری فرماتے۔ ایوان کے اندر اس قسم کی تحریک کو زیر بحث نہیں لایا جا سکتا۔ اور یہ نہ صرف خلاف ضابطہ ہے بلکہ پارلیمانی طریقہ کار کے بھی خلاف ہے۔ اس لئے میں گزارش کروں گا کہ اس کو مزید کسی بحث کے بغیر آؤٹ آف آرڈر قرار دیا جائے۔ شکریہ۔

مولانا سمیع الحق : جناب والا! میرا مقصد صرف ایک آئینی دفعہ کی طرف توجہ دلانا تھا۔

جناب چیئرمین ۔ آپ تشریف رکھیں۔ آپ نے پڑھ لیا ہے اور اس کا جواب بھی ہو چکا ہے اور جو وزیر انصاف صاحب نے فرمایا ہے کہ رولز کے مطابق نہیں ہے.......... (مداخلت)

جناب چیئرمین : آپ ذرا تشریف رکھیں میں آپ کو سمجھاتا ہوں۔ یہ صرف مولانا صاحب کی خدمت میں عرض نہیں کر رہا بلکہ پورے ایوان کی خدمت میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ مولانا صاحب نے ایک دن ۲۱ر جنوری ۱۹۸۶ء کو تھوک کے حساب سے تقریباً چھ یا سات تحاریک التوا ایک دم داغ دیں۔ وہ سیکرٹریٹ کے پاس پہنچیں۔ ان میں کوئی یہ تمیز نہیں تھی کہ ان میں سے کون سی پہلے لی جائے اور کون سی بعد میں لی جائے۔ نہ ہی انہوں نے اس کی طرف کوئی اشارہ کیا ہے۔ اب ہاؤس نے ان کو کس طرح نپٹایا اس کی تفصیل بھی میں آپ کی خدمت

[Mr. Chairman]

میں پیش کرتا ہوں۔ مولانا صاحب نے ۲۱ جنوری کو ایک تحریک التواء مارشل لاء اٹھنے پر قادیانیوں کے اذان دینے کے متعلق پیش کی تھی وہ ۲۶ جنوری کو آئی۔ یہ جو موجودہ اجلاس ہے ۲۳ تاریخ کو شروع ہوا۔ اس میں ڈپٹی چیرمین کے انتخاب کے علاوہ کوئی اور بزنس ٹرانزیکٹ نہیں ہوا۔ ۲۴ اور ۲۵ تاریخ کو جمعہ ہفتہ کی وجہ سے کوئی نشست ہی نہیں تھی۔ ہماری پہلی ریگولر سٹنگ ۲۶ جنوری کو تھی۔ ۲۶ جنوری کو مولانا صاحب کی ایک تحریک التوا قادیانیوں کے متعلق ایوان نے نمٹائی۔ ہمارا عام طریقہ کار یہ ہے کہ ایک صاحب کا ایک دن میں صرف ایک ہی نوٹس لیا جائے گا۔ وہ دن ختم ہوا۔ ہمارا دوسرا ریگولر اجلاس ۲۷ جنوری کو ہوا۔ اس میں مولانا صاحب نے خود ایک تحریک التوا پیش کی جو انڈیا کے ساتھ تجارتی معاہدے سے متعلق تھی اور یہ ایڈمٹ بھی ہوئی۔ اس کے بعد کسی اور تحریک التواء کا سوال پھر بھی نہیں اٹھتا تھا کیونکہ ایک موشن ان کی طرف سے آگئی تھی جو ایڈمٹ ہونے کے بعد ختم بھی ہو گئی۔ ۲۸ جنوری کو کوئی نشست نہیں تھی۔ ۲۹ تاریخ کو مولانا صاحب کا ایک اور نوٹس آیا کہ چینی کی قیمت میں اضافہ ہوا ہے اس کو ڈسکس کیا جائے اور وہ باقاعدہ ڈسکس ہوا۔ رولڈ آوٹ ہوا یا انہوں نے پریس نہیں کیا یہ الگ سوال ہے۔ ۳۰ تاریخ کو مولانا صاحب ہاؤس میں موجود نہیں تھے۔ لیکن ان کا ایک نوٹس دیگر چار حضرات کے ساتھ تھا اور اس پر بحث ہوئی۔ ۳۱ جنوری اور یکم فروری کو پھر کوئی نشست نہیں تھی۔ ۲ فروری کو سنگاپور کی مسجد سے متعلق مولانا صاحب نے تحریک پیش کی اور اس کو ہم نے نمٹایا۔ آج پہلا دن ہے اور آج اس تحریک کی باری آرہی ہے۔ جہاں تک ان کی تفصیلات کا تعلق ہے مولانا صاحب نے جس ترتیب سے نوٹس دیئے ہیں اور ان پر نمبر لگے ہوئے ہیں اس پر انڈیا کے ساتھ تجارتی معاہدے کا نمبر ۲۳ ہے، چینی کی قیمتوں میں اضافے کا نمبر ۲۴ ہے، سنگاپور کی مسجد کی پارک میں تبدیلی سے متعلق کا نمبر ۲۵ ہے۔ حیدر آباد میں ورائٹی شو کا نمبر ۲۶ ہے اور مسجد اقصیٰ سے متعلق تحریک کا نمبر جیسا کہ انہوں نے خود فرمایا ہے، ۲۷ آتا ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ اس طرح جو استحقاق پیش کیا گیا ہے وہ abuse of the right to move a privilege motion ہے اور اس پر مزید کسی بحث کی اجازت نہیں دے سکتا شکریہ۔

مولانا سمیع الحق : میں آپ کا ممنون ہوں۔ آپ کی ان سب باتوں سے اتفاق ہے لیکن میں نے صرف اس نکتہ کے بارے میں عرض کیا تھا کہ ان کو نوٹس نہیں بھیجا گیا ہے۔

جناب چیئرمین - یہ سیکرٹریٹ کا کام ہے جو نوٹس آتے ہیں وہ دیں گے۔ اس پر بحث کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ بہرحال یہ پریولیج نہیں ہے۔ تحریک التوا جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب

## ADJOURNMENT MOTION *RE:* EMBEZZLEMENT IN WHEAT AND SUGAR WORTH RUPEES 4 CRORE IN THE GODOWNS OF GOVT. OF N.W.F.P.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبہ سرحد کے سرکاری گوداموں سے ۴ کروڑ روپیہ کی گندم اور چینی خورد برد ہوئی ہے۔ محکمہ خوراک کے اہلکاروں کا بڑے پیمانے پر تبادلہ کر دیا گیا ہے۔ یہ معلوم ہوا ہے کہ صوبائی ریزرو سینٹروں میں سینکڑوں ٹن گندم اور چینی کم پائی گئی ہے۔ نیز تحقیقاتی رپورٹ جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں سنسنی خیز انکشافات کی توقع ہے۔ گندم اور چینی میں خورد برد ہونے سے عوام میں بے چینی کی فضا پیدا ہوئی ہے اور اندیشہ ہے کہ مزید غربت بڑھنے کے امکانات ہوسکتے ہیں۔ اس کی روک تھام کے لئے موثر طور پر غور کرنے کے لئے ایوان غور فرمائے۔

**Mr. Chairman:** Is it being opposed?

**Qazi Abdul Majid Abid (Minister for Food and Agriculture and Co-operative):** Sir, the honourable Senator has moved the motion that:

(i) there are reports of embezzlement in wheat and sugar worth rupees four crores in the Government godowns of NWFP.

(ii) it is said that in the reserve centres hundred of tonnes of wheat and sugar have been found short.

(iii) during the checking at district Mansehra and in other godowns of the Province reports of embezzlement have been received.

(iv) the actual cause of dearness is due to mis-management and embezzlement in the Government departments.

[Kazi Abdul Majid Abid]

Since this is a Provincial matter, we requested the Food Department of Government of NWFP to send us necessary details including the proposed action against the officials responsible for the shortages. That Department have now informed us that during the reconciliation of wheat and sugar, short delivery of 2218.725 tonnes of PASSCO's wheat and 780.900 tonnes of Punjab Food Department's wheat was detected short in Mansehra District. 528.800 tonnes of sugar was also short delivered in Mansehra and Kohistan Districts which was despatched from National Research Centre Aza Khel and P.R. Centre, Peshawar. In all these cases the carriage contractors are involved and there is likelihood of some of the Food Department officials at Mansehra and Kohsitan Districts to have connived in this misappropriation of wheat and sugar. To identify the officials at fault a departmental enquiry is in process and a case has also been registered by the Anti-corruption Department and they are investigating the matter. The Governor N.W.F.P. has also ordered an enquiry to be conducted by the Governor's Inspection team. The total loss according to preliminary enquiry comes to Rs. 52,49,00 in case of wheat and Rs. 38,33,800 in case of sugar. Reconciliation of all the receipts from Punjab Food Department and PASSCO in respect of wheat and in case of sugar from National Research Centre, P.R. Centre Peshawar and sugar mills of all the districts in N.W.F.P has been ordered and is in progress the actual loss would be available on the completion of the reconciliation work. The NWFP Food Department has assured us that stern action will be taken against the carriage contractors and Food officials involved. Strenuous efforts are also being made by that Department to make good the loss from the carriage contractors under the terms of agreement with them.

As far as the Federal Government is concerned Sir, I wish to assure the honourable member in this honourable House and your goodself that the Federal Government will continue to monitoring the progress and shall see to it that the culprits are caught and the losses are made up. Thank you Sir.

جناب چیئرمین : اس بیان کی روشنی میں آپ اپنی تحریک پر زور دیں گے یا نہیں؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل ۔ جناب عالی! میں فاضل وزیر کا بے حد ممنون ہوں کہ انہوں نے تفصیلاً اور کھلے دل سے اعتراف کر لیا ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ آئندہ ایسے اقدامات نہ

ہوں اور خاص کر صوبہ سرحد ایک غریب صوبہ ہے اور اگر اسطرح کے خورد برد اور امانت میں خیانت کرنے والے افسران موجود ہوں تو پھر یہ جو روز بروز مہنگائی بڑھ رہی ہے یہ اسی وجہ سے ہے کہ جب وہ ذخیرہ اندوزی کرتے ہیں یا خورد برد کرتے ہیں تو اس کی وجہ سے پورے ملک میں یہ مہنگائی ہوتی ہے۔ رہی چینی کی چوری تو پہلے ہی ہم اس عذاب الٰہی میں مبتلا تھے اب یہ ایک دوسرا عذاب آگیا۔ لہٰذا اس کا ہر جگہ پر تدارک کرنا چاہیئے۔ اس کے بعد میں پریس نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔ معاملہ اصل میں صوبائی مسئلہ ہے اور یہ یہاں پر ویسے بھی otherwise admissible نہیں تھا۔ لیکن آپ نے پریس نہیں کیا۔ اگلی تحریک التوا، desecration of the Holy mosque of Al-Aqsa.

مولانا سمیع الحق

جس کے لئے آپ نے اتنا انتظار کیا۔

## ADJOURNMENT MOTION *RE:* DESECRATION OF THE HOLY MOSQUE OF AL-AQSA BY ISRAELIS.

مولانا سمیع الحق : شکریہ جناب! آج اتفاق سے گویا پورے ملک میں اس مسئلے پر جذبات کا مظاہرہ کیا جائے تو میں اپنی خوش قسمتی سمجھوں گا کہ اس دن کے لئے ملتوی تھا تو ان تمام جذبات کے ساتھ جو پورے ملک میں ہیں اور آج بارہ بجے ظاہر کیے جا رہے ہیں یہ بھی ایک ہم آہنگی ہوگی۔

میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینٹ کا حالیہ اجلاس ملتوی کر کے قومی و ملی نوعیت کے ذیل کا واقعہ زیر غور لایا جائے۔

یہودیوں نے حال ہی میں مسلمانوں کے قبلہ اول مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی کی مسلمانوں کو اپنے اہم ترین فریضہ عبادت نماز سے روک دیا گیا اور یہودیوں نے اس میں اپنی عبادات کی رسوم انجام دیں۔ اس واقعہ سے پاکستان اور سارے عالم اسلام میں شدید ناراضگی پھیل گئی ہے یہ واقعہ ان عزائم کا ایک ثبوت ہے جو کہ مسلمانوں کے قبلہ اول بیت المقدس کی مذہبی حیثیت تبدیل کرنے کے لئے صیہونیت اور حکومت اسرائیل رکھتی ہے جبکہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے فیصلوں کی بناء پر بھی یہودیوں کو مسجد اقصیٰ کی حیثیت تبدیل کرنے والے اقدامات سے روکا گیا ہے اس لئے ایوان اس مسئلے کو زیر غور لائے۔

جناب چیئرمین : میں اتنا عرض کروں گا کہ جناب زین نورانی صاحب نے جو اس کا

[Mr. Chairman]

جواب دینے والے تھے معذرت کی ہے کہ ان کو بخار ہے وہ آج نہیں آسکتے میری آپ سے درخواست ہوگی کہ ان کے ہاؤس میں آنے تک اس کو ہم ملتوی کر دیتے ہیں۔ جب وہ آجائیں تو ان کو آپ سن لیں پھر اس کے بعد فیصلہ کریں کہ ایڈمسیبل ہے یا نہیں ہے۔ کیا آپ کو منظور ہے؟

مولانا سمیع الحق: ٹھیک ہے جناب۔

جناب چیئرمین: شکریہ اگلی تحریک التوا قاضی عبداللطیف صاحب۔

## ADJOURNMENT MOTION *RE:* SMUGGLING OF RUSSIAN WEAPONS IN TO PAKISTAN FOR TERRORISM

قاضی عبداللطیف: جناب والا! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینٹ کے اجلاس کی کارروائی اہم قومی اور حالیہ وقوع پذیر واقعہ پر بحث کے لئے ملتوی کی جائے۔

روزنامہ "جنگ" کراچی ۲۵ جنوری ۱۹۸۶ء کی اطلاع کے مطابق کے جی بی کے ایجنٹ پاکستانی شہریوں کو دہشت زدہ کر رہے ہیں۔ روسی ایجنٹوں نے ۳۰ لاکھ رائفلیں اور دیگر اسلحہ پاکستان سمگل کر دیا ہے اس خبر سے پاکستان میں بجاطور پر تشویش اور حقیقی خطرہ پیدا ہو گیا ہے' اس لئے ایوان کو اس پر بحث کا موقع دیا جائے۔

جناب چیئرمین: عرض یہ ہے کہ انہی وجوہ کی بنا پر جو میں نے ابھی سمیع الحق صاحب کی خدمت میں پیش کی ہیں یہ بھی اتنے تک ملتوی کر دیں جب تک کہ وزیر خارجہ یا منسٹر آف سٹیٹ یہاں ہاؤس میں موجود نہیں ہوتے۔

Unless somebody is in a position to answer on behalf of the Government.

**Shah Muhammad Pasha Khuro:** Sir, Minister of Interior will handle this motion.

**Mr. Chairman:** Pardon

**Shah Muhammad Pasha Khuro:** I am handling it on behalf of the Interior Minister.

**Mr. Chairman:** This would not be Interior alone, this is, I think something which has to do with the foreign office.

قاضی عبداللطیف : ٹھیک ہے جناب والا!

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اس دن جس دن فارن آفس والے جواب دیں گے آپ بھی دے دیں لیکن تنہا صرف انٹیریئر کے لئے مشکل ہو گا کہ وہ اسے نبھا سکے۔ حاجی ملک فرید اللہ خان تحریک پیش کریں۔

## ADJOURNMENT MOTION *RE:* PROPAGATION OF WRONG FACTS AND FIGURES REGARDING SELF-SUFFICIENCY IN THE FIELD OF OIL AND GAS BY THE OGDC

ملک فرید اللہ خان : میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینٹ کے حالیہ اجلاس کی کارروائی روک کر اس اہم فوری اور قومی نوعیت کے معاملے پر بحث کی جائے۔

منسلکہ ہذا مراسلے میں جو کہ ایمپلائز یونین پاکستان آئل اینڈ گیس کارپوریشن کے جنرل سیکریٹری محمد اسلم نے سینٹرز اور ممبران قومی اسمبلی کو بھیجا ہے جو مجھے آج ۲۶ جنوری ۱۹۸۶ء کو موصول ہوا۔ جس میں وزارت پٹرولیم و قدرتی وسائل کے متعلق حیرت انگیز انکشافات کیے گئے ہیں جو یقیناً ہر محبّ وطن اور مخلص پاکستانی کے لئے لمحہ فکریہ ہیں۔ مزید براں قوم اور ملک کا کروڑوں روپیہ تیل اور گیس میں خود کفالت کے لئے صرف ہو رہا ہے۔ جبکہ دوسری طرف حقیقت کے برعکس غلط اعداد و شمار کی تشہیر کی جا رہی ہے۔

لٰہذہ ضروری ہے کہ اس اہم قومی نوعیت کے مسئلے پر معزز ایوان غور فرمائے اور تفصیلاً بحث کی جائے۔

**Mr. Chairman:** Is it being opposed, Jinab Hanif Tayyab.

جناب محمد حنیف طیب : میں سب سے پہلے تو فاضل رکن کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ملک کے قیمتی سرمائے کے ضائع نہ ہونے اور غلط اعداد و شمار پیش نہ کیے جانے ........... (مداخلت)

جناب محمد حنیف طیب : میں فاضل ممبر کو مبارکباد دے رہا ہوں انہوں نے اس پر توجہ دی کہ قیمتی سرمایہ ضائع نہ ہو اور اعداد و شمار غلط پیش نہ کیے جائیں۔ لیکن اس سلسلے میں جو متعلقہ ادارہ ہے آئل اینڈ گیس ڈیویلپمنٹ کارپوریشن ........... (مداخلت)

**Mr. M. Zahoor-ul-Haq:** Point of order. if the honourable Minister is quoting some statistics then he should read from the paper but he is giving the descriptive answer in thanks and gratitudes. For God's sake he should be stopped from reading from the paper.

جناب محمد حنیف طیب : ویسے فاضل رکن اس فائل کو پڑھ لیں تو جو جملے میں نے کہے ہیں وہ یہاں موجود نہیں ہیں۔ میں نے فائل ہاتھ میں لی ہوئی تھی، بہر نوع ان کے ارشاد پر وہ بھی میں نے رکھ دی ہے یونین کے صدر اور سیکرٹیری سے رابطہ قائم کیا گیا، تو انہوں نے ہمیں جنگ اور نوائے وقت راولپنڈی مئی ۸۵ء کا اشتہار دیا کہ ہماری طرف سے یہ مراسلہ کسی نے غلط بھیجا تھا اور اسی وقت ہم نے تردید کر دی تھی اس کے بعد انہوں نے ۱۵ء جولائی ۸۵ء کو بھی اخبار جنگ اور نوائے وقت میں بطور خبر کے اس سے اپنی لاتعلقی اور تردید کا اعلان کر دیا تھا۔ اب نئے سرے سے جب یہ ایڈ جرنمنٹ موشن آیا، تو ہم نے ان سے معلوم کیا تو انہوں نے تحریری طور پر بھی اس بیان سے اپنی لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ بہرنوع، اگر ہمارے فاضل ارکان یہ محسوس کرتے ہیں کہ یہ اعداد و شمار غلط پیش کیے گئے یا قومی سرمایہ ضائع ہو رہا ہے تو میں ان کی رہنمائی میں ان عظیم مقاصد کے حصول کے لئے کام کرنے کے لئے تیار ہوں۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں کل ہی شاید وہ مولانا کوثر نیازی صاحب کی ایڈ جرنمنٹ موشن تھی جس کے سلسلے میں مجھے کہنا پڑا اگر ایک رپورٹ اخباروں یا اس چیز پر مبنی ہے اور حکومت اس کو dispute کرتی ہے تو جب تک ایڈیشنل ثبوت produce نہیں کیا جاتا اس کو As a basis for adjournment motion تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ وزیر صاحب فرماتے ہیں۔ انہی اصحاب سے جو منسوب کیا گیا تھا کہ انہوں نے درخواست دی ہے ان سے پوچھا گیا ہے اور وہ خود بھی اس سے انکار کرتے ہیں کہ ہم نے یہ نہیں کہا اور ان کی اپنی اطلاع بھی یہ ہے کہ یہ حقیقت پر مبنی نہیں ہے۔ ان واقعات کی روشنی میں کیا آپ اپنی ایڈ جرنمنٹ موشن پر زور دیں گے؟

ملک فرید اللہ خان : سر! میں یہ گزارش کرونگا............ (مداخلت)

جناب چیئرمین : ایک اور بھی بات یاد رکھیں اگر قاعدہ ۵۶ کے تحت آدھے گھنٹے کے لئے اس پر بحث ہونی ہے تو اس میں یہ بھی آ جائیں گے۔ آئل اینڈ گیس کی تمام پالیسی اس میں آ جائے گی۔

حاجی ملک فرید اللہ خان۔ سر! میں مختصراً عرض کرونگا یہ حقیقت ہے کہ حکومت آئل اینڈ گیس کی خود کفالت کے لئے حکومت کروڑوں روپیہ خرچ کر رہی ہے اور روزانہ آئل اینڈ گیس کی کارکردگی پر کوئی نہ کوئی خبر چھپتی ہے۔ ہم خوشی کے ساتھ سنتے ہیں اور اخبارات میں

پڑھتے ہیں۔ جناب والا! حالت یہ ہے گزشتہ اخبارات میں خبر چھپی کہ اب روزانہ چالیس ہزار بیرل تیل پاکستان سے نکل رہا ہے۔ جبکہ "ڈھول کا پول" اس کا عنوان ہے اس میں یہ ہے کہ یہ چالیس بیرل تیل نہیں نکل رہا' بلکہ او۔جی۔ڈی سی کی نااہلی کی وجہ سے سات کنوئیں تو بند ہو چکے ہیں۔ جن کے نام شہداد پور' کاکو' ماچھی' ڈانڈی' کوٹ سارنگ' چک نارنگ اور اسی طرح.......... (مداخلت)

جناب چیئرمین۔ اس اسٹیج پر بحث ایڈمسبلٹی پر ہے۔ ایڈمسبلٹی پر آپ نے ابھی تک بات نہیں کی' آپ پر بحث کر رہے ہیں۔

ملک فریداللہ خان۔ میں ایڈمنسبلٹی پر بات کرتا ہوں۔ یہ جو وزیر صاحب نے فرمایا کہ آئل اینڈ گیس یونین سے ہم نے رابطہ قائم کیا تو انہوں نے کہا کہ جناب ہم نے یہ مراسلہ نہیں لکھا' سینٹ اور اسمبلی کے ممبران کو ہم نے نہیں بھیجا' جناب نوائے وقت میں ان کا یہ تردیدی بیان شائع ہوا ہے۔ اور اس میں لکھتے ہیں کہ پاکستان آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کارپوریشن ایمپلائیز یونین سے منسوب مختلف اخبارات اور رسائل و دیگر حکام اعلیٰ کو اخباری بیان و خطوط لکھے گئے ہیں۔ ان کا ایمپلائیز یونین سے کوئی تعلق نہیں' اب جبکہ انتظامیہ اور یونین کے درمیان معاہدہ عمل میں آنے والا ہے۔ تو اس سے یہی تاثر ملتا ہے کہ اس تردیدی بیان سے پہلے یونین اور او۔جی۔ڈی سی کے درمیان تعلقات کشیدہ تھے۔ انہوں نے یہ حقائق اور اس کے ساتھ او۔جی۔ڈی سی کا جو ٹیبل ہمیں بھیجا ہے۔ جو یہاں آپ کے پاس بھی ہو گا' کہ کس کنواں سے کتنا تیل نکلتا ہے تو یہ بیان بذات خود مشکوک ہے اور جو کاغذ او۔جی۔ڈی سی کا ہے وہ بھی صحیح نہیں ہے اس پر ایک صاحب کے دستخط بھی ہیں - بہر حال وہ غریب مزدور ہو گا' اور انتظامیہ نے جب اس پر پریشر ڈالا' تو اس کو مجبور کیا گیا ہو گا کہ یہ بیان آپ اخبارات میں شائع کر دیں میرا خیال ہے کہ یہ اہم قومی نوعیت کا مسئلہ ہے۔ پاکستان کا قیمتی روپیہ اس پر خرچ ہو رہا ہے بالکل فوری نوعیت کا ہے اور ہم نے وقت پر نوٹس دیا ہے۔ تو اس پر تفصیلاً غور کیا جائے۔

جناب چیئرمین۔ کل میں نے آپ کی خدمت میں یہی عرض کیا تھا کہ مشکوک بیانات جو اخبارات میں آ رہے ہیں وہ ایڈجرنمنٹ موشنز کی بیسز نہیں بن سکتے۔ نمبر۲۔ آپ فرماتے ہیں کہ یہ فوری نوعیت کا ہے فوری نوعیت کا جہاں تک تعلق ہے وہ ضرور ہے۔ کل پرسوں اس کو کسی نے سرکولیٹ کیا ہے۔ لیکن اس میں واقعات پورے سال کے دیئے ہوئے'

[Mr. Chairman]

ہیں وہ فوری نوعیت کے نہیں ہیں کہ کسی پالیسی کی وجہ سے یہ کنواں بند ہوا' وہ کنواں بند ہوا' اور وہ نہ چل سکا' یہ فوری نوعیت کے نہیں ہیں۔ تو جہاں تک اس ایڈجرنمنٹ موشن کا تعلق ہے۔

It is hit by Rule 71(a), (b) & (c) and apart from that you want to raise a discussion on the general policy.

اس کے لئے آپ کو جو طریقہ اختیار کرنا چاہئے وہ قاعدہ ۱۸۷ کے تحت ہے آپ علیحدہ نوٹس دیں اور اس کے نتیجے میں یہ پوری پالیسی ڈسکس ہو سکتی ہے لیکن یہ ایڈجرنمنٹ موشن کا سبجکٹ نہیں بن سکتا' مجھے افسوس ہے اور اس کو آوٹ آف آرڈر ڈیکلئیر کرنا پڑیگا۔ اگلی موشن نمبر ۴۰' شہزادہ برہان الدین صاحب کی' یہ جو لیبیا اور یو ایس اے کا معاملہ ہے۔

شہزادہ برہان الدین۔ جناب والا' جناب وزیر خارجہ نے وہ سٹیٹ منٹ دے دیا۔

جناب چیئرمین۔ یہ تو ویسے بھی infructuous ہوا' وہ لوگ چلے گئے وہاں سے'

شہزادہ برہان الدین۔ جی ہاں' اس لئے میں اس پر اصرار نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین۔ تو آپ اس پر اصرار نہیں کرتے۔ ایڈجرنمنٹ موشن بھی ختم ہوئے' اور ایڈجرنمنٹ موشن کا ٹائم بھی ختم ہوا' اب اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ پر بحث شروع کرتے ہیں۔ سب سے پہلے میرے خیال میں جناب قاضی عبداللطیف صاحب نے فرمایا تھا۔

سید فصیح اقبال۔ میں نے خصوصی نوعیت کے دو ایڈجرنمنٹ موشن پیش کیے تھے' ایک امن کے ڈکلریشن کے سلسلے میں............ (مداخلت)

جناب چیئرمین۔ وہ آجائیں گے اپنے وقت پر۔

سید فصیح اقبال۔ یہ مسئلہ پریس کی آزادی کا ہے اس لئے کہ ڈکلریشن کے سلسلے میں لوگوں کی درخواستیں ہیں۔ اور اس سلسلے میں حکومت نے ایک سرکلر جاری کیا ہے جو آزادی کو سلب کرنے کے مترادف ہے۔

جناب چیئرمین۔ ایڈجرنمنٹ ایک ایسا device ہے ایسا طریقہ کار ہے اس کے تحت جو کچھ بھی آپ کہتے ہیں وہ ہر ایک فوری نوعیت کا ہوتا ہے۔ اس کے بغیر ایڈمٹ ہی نہیں ہوتا۔' تو وقت پر آجائیں گے۔ انشاءاللہ آئیں گے جیسے جیسے وہ طریقہ کار ہے اس کے تحت آتے جائیں گے۔ جناب قاضی عبداللطیف صاحب'

# DISCUSSION ON THE C.I.I.'s REPORT FOR 1977-78.

قاضی عبداللطیف: نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم، جناب والا! اس وقت ہمارے سامنے اسلامی نظریاتی کونسل کی ۷۸-۱۹۷۷ کی رپورٹ ہے اس سے پہلے کہ میں اس کے مندرجات کے متعلق کچھ عرض کروں، میں گزارش کرونگا کہ پاکستان بننے کے بعد قریباً چالیس برس ہونے کو ہیں، مجھے کہنے دیجئے کہ اس دوران ہم نے جو وعدہ اللہ اور اس کی مخلوق سے کیا تھا، ہم اسکے مکمل اور پورا کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ یہ ۷۸-۱۹۷۷ کی رپورٹ ہے تیس سال اس سے پہلے گزر چکے ہیں۔ لیکن ہمیں یہ نہیں بتلایا جاسکا کہ ان ۳۰ سالوں کے اندر ہم نے اس سلسلے میں کیا کردار ادا کیا، کیا اقدام کئے، اس کی مختلف وجوہات ہو سکتی ہیں میں گزارش کرونگا کہ اس وقت ملک کے اندر مختلف ذہن اور فکر کے لوگ رہتے ہیں بعض حضرات کا خیال یہ ہوگا نظریاتی طور پر اسلام ہمارے مسائل کا مداوا نہیں کر سکتا اگرچہ یہ انکے اپنے ہی نظریات ہونگے۔ بعض کے نزدیک یہ ہے کہ انکا ایمان تو یہ ہے کہ اسلام ہمارا مذہب ہے اور زندگی کے ہر شعبے کے اندر ہمیں وہ ہدایات دیتا ہے لیکن موجودہ حالات کے لئے اسلام کو استوار کرنا اور اسی پیمانے پر لانا یہ شاید اسلام کے بس کی بات نہیں ہے آج کی مشینی دنیا میں ہم اسلام کو کیسے اس ملک کے اندر نافذ اور رائج کریں۔ اس سلسلے میں مختلف بیانات آتے رہتے، ہیں میں یہ گزارش کرونگا اور میرا یہ دعویٰ ہے کہ ومن یبتغ غیر الاسلام دیناً فلن یقبل منہ وھو فی الاخیرۃ من الخاسرین۔ پھر آخرت کا معنی یقیناً یہ بھی ہے کہ قیامت کے اندر وہ خسارے میں ہوگا لیکن اسکا معنی یہ بھی ہو سکتا ہے کہ نتیجے کے لحاظ سے وہ ناکام ہوگا۔

آج دنیا میں دو نظام فکر ہیں ایک وہ ہے کہ جو اپنے آپکو اشتراکی کہتے ہیں یہ مسئلہ اقتصادیات کا ہے اور انہی اقتصادیات کی بنیاد پر آج کی دنیا دو دھڑوں کے اندر بٹی ہوئی ہے انہوں نے اقتصادیات کو آگے تو کر دیا ہے کہ جتنے تک انسان کے اقتصادی مسائل حل نہیں ہونگے تو انسان سکون اور آرام سے نہیں رہ سکے گا۔ دوسری جانب سے دوسرا مکتب فکر ہے جسکو سرمایہ دارانہ نظام کہتے ہیں ان کا دعویٰ یہ ہے کہ انسان اور انسانیت کے مسائل کا حل اور انکی مشکلات کا حل اسی کے اندر ہے ہم دیکھ رہے ہیں کہ آج کی دنیا کس نہج پر چل رہی ہے۔ ۱۹۵۵ء میں ہندوستان کا ایک وفد روس کے دورے پر گیا، واپس آیا تو ۱۳ جنوری ۵۵ء کو وفد کے لیڈر نے یہ بیان دیا کہ روس کے اندر معاشی نظام ناکام ہو چکا ہے اور وہاں ایک مزدور کی زندگی اجیرن بن گئی ہے اس

[Qazi Abdul Latif]

نے صاف کہا ہے کہ وہاں کا مزدور اشیائے ضرورت سے محروم ہے اور اشیائے ضرورت اتنی مہنگی ہو چکی ہیں کہ ایک عام آدمی کیلئے گزارہ کرنا مشکل ہو گیا ہے۔

روسی نظام کا حاصل یہ ہے کہ چھوٹے چھوٹے سرمایہ داروں کو ختم کر کے ایک بہت بڑا سرمایہ دار بن گیا ہے، جو حکومت کہلاتا ہے یا نظام حکومت کہلاتا ہے جسے تمام لوگوں پر مسلط کیا جاتا ہے اور اپنے حدود مملکت کے اندر مسلط کر دیا گیا ہے وہ دنیا کے اندر جو یہ نظام لائے تو علامہ اقبال نے اسکے متعلق کہا تھا

که کرده ام اندر مقاماتش نگاه
لاسلاطین لاکلیسالا اله
فکر او در تندباد لابماند
مرکب خود راسوئے الانراند
در مقام لانیاساید حیات
سوئے الامی خرامد کائنات

لا کے مقام میں کسی نظریہ کو تسلیم نہیں کیا جا سکتا یہ کوئی نظریہ ہی نہیں ہے۔ انہوں نے یہ کہہ دیا کہ نہ مذہب ہے نہ سلاطین اور نہ کسی کی ملکیت ہے یہ فطرت کے خلاف ہے کھلی بات ہے آج تک وہ سکون وچین نہیں دے سکے جو دنیا کو مطلوب ہے اور جو دعویٰ لیکر وہ اٹھے تھے آج ساری دنیا کے اندر چاہے وہ سرمایہ دارانہ نظام ہو یا اشتراکیت، کا مزدور پس رہا ہے۔ سرمایہ دارانہ نظام کے اندر ہم نے دیکھا رسالہ ٹائم کی رپورٹ ہے کہ یہاں ہر نو آدمیوں میں سے ایک آدمی افلاس میں مبتلا ہے یہ انکی ۱۹۶۹ء کی رپورٹ ہے اسکے بعد معلوم نہیں کہ انکے اندر کیا حالات پیدا ہوئے۔ لیکن دوسری طرف وہ یہ کر رہے ہیں کہ اپالو ہشتم پر ایک کھرب ۲۰ ارب روپے خرچ کئے ہیں تو آج کی دنیا کے تمدن اور ترقی کا حاصل یہی ہے، مجھے وہ جملہ یاد آتا ہے کہ جب ہمارے حکمران، متقدمین اور اسلاف ایران گئے انہوں نے پوچھا کہ کیا لینے آئے ہو؟ ہمارے جرنیل نے یہ کہا کہ ہم اسلئے آئے ہیں کہ انسان کو انسان کی غلامی سے نجات دلائیں اور دنیا کو اسکی تنگی سے نکال کر کے فراخی اور وسعت کی طرف لے آئیں۔ یہ جملہ انکے لئے تعجب انگیز اسلئے تھا کہ وہ سمجھتے تھے کہ ہمارے پاس دنیا کے لحاظ سے وسائل کی کونسی کمی ہے، دولت معدنیات، سونا، چاندی، قالینیں، محلات اور دنیا کی تمام آسائشیں حاصل ہیں جسکی بنا پر دنیا

ہمیں رشک کی نگاہ سے دیکھتی ہے لیکن ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ تم کو ہم دنیا کی تنگی سے وسعت کی طرف نکالنے آئے ہیں۔

اندازہ لگائیے کہ وہ وسعت کیا تھی۔ وہ یہ تھی کہ جو چیزیں انسانی ضروریات نہیں تھیں بلکہ صرف اور صرف عیش پرستی تھی، مثلاً سونے اور چاندی کے برتنوں اور بڑی قالینوں کو استعمال کرنا بڑی بڑی بلڈنگوں کا بنانا، اور ایسے مینار بنانا کہ جنکی کوئی ضرورت نہیں ہے اور جن کو قومی یادگار سے موسوم کیا جاتا ہے، ان پر تو روپیہ ضائع کیا جاتا ہے لیکن انسان کو دینے کیلئے انکے پاس کچھ نہ تھا۔ آج بھی ان دونوں نظاموں کے متعلق ہم پوچھتے ہیں کہ انسانوں کو کیا دیا ہے؟ اقبال نے اسی کے متعلق فرمایا تھا۔

ڈھونڈنے والا ستاروں کی گزرگاہوں کا
اپنے افکار کی دنیا میں سفر کر نہ سکا
جس نے سوچ کی شعاعوں کو گرفتار کیا
زندگی کی شب تاریک، سحر کر نہ سکا

سوال تو یہ ہے کہ انہوں نے انسانیت کا کونسا مسئلہ حل کیا ہے۔ وہاں کی اخلاقی کیفیت کی طرف میں نہیں جاتا کہ وہاں زنا کی تعداد، شرابنوشی کی تعداد، چوریوں اور ڈاکوں کی تعداد کیا ہے۔ آج اگر یہاں ڈاکے وغیرہ پڑتے ہیں تو ہمیں جواب یہ دیا جاتا ہے کہ ساری دنیا کے اندر ہو رہا ہے۔ یہ اسکا حل اور جواب نہیں ہے۔ آج ہم بھی اسی میں مبتلا ہیں کیونکہ ہم نے اپنا نظام چھوڑ دیا ہے جس نظام کے اندر یہ تھا کہ ایک مرتبہ جب صحابہ کرام جہاد کیلئے نکلے ہوئے تھے سامنے ایک چرواہا آیا جو غیر مسلم تھا۔ مسلمان سپاہی نے نیزہ تان کر اسکے سینے پر رکھدیا اور اس نے اسی وقت کلمہ پڑھ لیا۔ لیکن سپاہی نے نیزے کو روکا نہیں اور وہ قتل ہو گیا یہ رپورٹ اسکے وارثوں نے حضرت نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نوٹس میں نہیں پہنچائی گئی بلکہ اپنی ہی فوج میں سے ایک شخص نے نبی علیہ اسلام کی خدمت میں عرض کر دی۔ تو نبی علیہ سلام نے سپاہی سے پوچھا کہ کیا یہ سچ ہے اس نے کہا کہ حضرت اس نے ڈر کے مارے کلمہ پڑھا تھا۔ تو نبی علیہ اسلام نے فرمایا کہ کیا آپ نے اس کے دل کو چیر لیا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ پوچھا اس نے جواباً کہا کہ ڈر کی وجہ سے اس نے کلمہ پڑھا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کہ کل قیامت کے میدان میں جب اسکا کلمہ آپکے مقابلے میں آئیگا اور آپ سے سوال کرے گا

[Qazi Abdul Latif]

تواسکا جواب آپکے پاس کیا ہو گا؟ بہر حال آج یورپ خود اپنے ہی نظریات سے زخمی ہے اقبال نے فرمایا تھا کہ

یورپ از شمشیر خود بسمل فتاد
زیر گردوں رسم لادینی نہاد

وہ آج خود پریشان ہے کہ کہاں جائے۔ امن، چین، سکون کی طلب ہے لیکن جو نظام انہوں نے اپنایا ہے اسمیں چین نہیں مل سکتا۔ ہم نے دنیا کو یہ باور کرایا تھا کہ ہم وہ روشنی کا مینار لیکر آرہے ہیں جو دنیا کو امن، چین اور اطمینان دے گا۔ اور انسان کو انسان بنا دے گا اور دنیا کے اندر انسانیت کا دور دورہ ہو گا۔

مجھے افسوس ہے کہ تیس برس میں ان دعوؤں کے باوجود ہم ان کو کچھ نہیں دے سکے۔ دنیا ہماری طرف دیکھتی رہی کہ اسلام وہاں سے طلوع ہونے والا ہے، اسلام وہاں سے آنے والا ہے۔ لیکن آج کیفیت یہ ہے اور ہم اس حد تک پہنچ چکے ہیں کہ آج برملا یہ کہا جاتا ہے اور ان لوگوں کی زبان سے ہم سنتے ہیں کہ جو قائد اعظم (رحمتہ اللہ علیہ) کے ساتھی تھے، کہ پاکستان کی تقسیم اسلام کے لئے نہیں ہوئی تھی وہ لوگ جو آج حزب اختلاف کے لیڈر بنے ہوئے ہیں، وہ برملا کہتے ہیں کہ پاکستان کا معرض وجود میں آنا لاالہ الااللہ کے لئے نہیں تھا۔ میں اسمیں جانا نہیں چاہتا کہ لاالہ الااللہ کے لئے تھا یا نہیں لیکن میرا دعویٰ ہے کہ دنیا کے اندر اس کے سوا کوئی بھی نظام حیات اور نظام حکومت امن، اطمینان اور انسانیت کے سکون کا باعث نہیں ہو سکتا۔ قرآن کریم نے اسی کے متعلق فرمایا تھا قل ھل ننبئکم بالاخسرین اعمالا الذین ضل سعیھم فیالحیواۃ الدنیاوا ھم یحسبون انھم یحسنون صنعا۔ کہ وہ لوگ جن کی جدوجہد صرف اور صرف دنیا کے لئے ہے اور وہ کہتے ہیں کہ ہمیں دنیا چاہئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے فرمایا کہ سب سے زیادہ خسارے میں یہ لوگ ہیں جو صرف اس جدوجہد میں رہتے ہیں۔

میں عرض کروں کہ ۱۳ دسمبر ۱۹۴۸ء کرسمس کی ایک تقریب میں سر سٹیفورڈ کرپس نے پاکستانی طلبہ کے سامنے کہا تھا عزیزو آپ کو معلوم ہے کہ سائنس کی ترقی آج اس معراج پر پہنچ چکی ہے کہ روحانی ترقیاں اس سے پیچھے رہ گئی ہیں، کمزور ہو چکی ہیں۔ میں آپ کو بتلانا چاہتا ہوں کہ آج سائنس کی اس ترقی پر اگر روحانیت کا پہرا نہیں ہو گا تو دنیا تباہ ہو جائے گی اور اس وقت ترقی اور روحانیت، ان دونوں پلڑوں میں دنیا تل رہی ہے اگر آپ ترقی پر روحانیت کا پہرہ

نہیں بٹھائیں گے اور اس پر آپ مذہب کا پردہ نہیں چڑھائیں گے، تو اس دنیا کی ہلاکت یقینی ہے۔ میں گزارش کروں گا کہ اس ملک کے وجود میں آنے کے بعد ۳۹ سال گزر گئے ہیں لیکن آج تک ہم نے دنیا کو وہ چیز نہیں دی جس کی توقع دنیا ہم سے کر رہی تھی ہم نے ہمیشہ یہی دعویٰ کیا ہے کہ یہ ملک اسلام کے لئے بنا ہے اور یہاں اسلام کے علاوہ کوئی چیز نہیں آ سکتی۔ لیکن ہم اسلام کا اقتصادی نظام نہیں لا سکے بلکہ یہ کہا جا رہا ہے کہ اس میں ہمارے لئے بہت سی مشکلات ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا۔

حکومت کا کہنا ہے کہ یہ نظریاتی حکومت ہے۔ تو آپ کو ان نظریات کے مطابق چلنا پڑے گا۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ اس رپورٹ مین انہوں نے عبادات اور معاملات کے بارے میں ہماری کچھ رہنمائی فرمائی ہے۔ اسی طرح انہوں نے آٹھ سال میں عبادات کی حوصلہ افزائی بھی کی ہے۔ میں یہ بھی مانتا ہوں کہ انہوں نے کہا ہے کہ ہم اس کے اندر عقائد بھی لائے ہیں جہاں تک ان کا تعلق ہے۔ قادیانی آرڈیننس جو ۸۴ میں پاس ہوا ہے۔ اس حد تک صحیح ہے کہ انہوں نے ہمارے عقائد کا تحفظ کیا ہے۔ اسی طرح ناموس صحابہ کے آرڈیننس میں بھی ہمارے عقائد کو تحفظ دیا ہے۔ اسی طرح اخلاقیات کے لئے انہوں نے حدود وغیرہ کا اجرا کیا ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اس میں عملی طور پر کون سا انقلابی اقدام کیا گیا ہے؟ یہ علمی طور پر تو ہم نے کر دیا ہے لیکن عملی طور پر آج تک ہم اس پر نہیں چل سکے ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے اس کے لئے وہ مشینری مہیا نہیں کی کہ جو اسے واقعتاً اپنے ایمان کا تقاضا سمجھتی اور اسے صحیح طریقے سے چلانے کے لئے کوشش کرتی۔ اس کی دوسری وجہ یہ ہے کہ تین نظام جاری تھے۔ ایک تعزیرات کا، ایک مارشل لاء کا اور تیسرا یہ بھی اس کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ تثلیث کو پسند نہیں کرتا اللہ تعالیٰ چاہتا یہ ہے کہ ایک نظام ہو۔ اگر اس نظام پر چلنا ہے تو اس پر ایمان کی قوت سے چلنا ہو گا۔ اگر ہم یہی سوچتے رہیں کہ یہ ہو جائے گا وہ ہو جائے گا تو بقول شخصے

ارادے باندھتا ہوں سوچتا ہوں توڑ دیتا ہوں
کہیں ایسا نہ ہو جائے کہیں ویسا نہ ہو جائے

یہ تو ایمان کی صورت نہیں ہے۔

بہاول پور کی ایک عدالت میں علامہ کاشمیری رحمتہ اللہ علیہ سے پوچھا گیا تھا کہ مسلمان کی تعریف کیا ہے؟ انہوں نے اس کی تعریف مختصر دو لفظوں میں بیان فرمائی۔ انہوں نے

[Qazi Abdul Latif]

فرمایا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اعتبار پر اللہ تعالیٰ کی ذات کو مان لینا۔ اب اگر ہم اسے تولتے ہیں کہ یہ ہماری عقل کے مطابق ہے یا نہیں ہے اور عقل کے مطابق نہ ہونے پر یہاں لکھ دیا جاتا ہے کہ حالات کے تقاضے کے خلاف ہے۔ ہمیں جو انہوں نے پیپر دیا ہے اس میں بعض جگہ انہوں نے کہا ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ تو یہ تھی لیکن حالات کا تقاضا اس کے خلاف تھا۔ میں حیران ہوں آج بھی ہم سے اپیل کی جاتی ہے کہ علماء کو حالات کے تقاضے کا خیال رکھنا چاہیئے۔ یہ ایک ایسا نعرہ ہے جو میرے خیال میں صرف اور صرف علماء کو بدنام کرنے کے لئے لگایا جاتا ہے۔ ہمیں بتلایا جائے کہ علماء نے حالات کے تقاضوں کی مخالفت کب کی ہے۔ سائنس نے ہمیں مشینی دنیا دی؟ صنعت کے اندر انقلاب آیا؟ ریل گاڑی، موٹر گاڑی اور ہوائی جہاز، سفر کے لئے بنے۔ اسی طرح مصنوعات کے لئے بڑے بڑے کارخانے قائم ہوئے علماء نے ان میں سے کون سی چیز کی مخالفت کی ہے کہ آپ ایسا نہ کریں یہ اسلام کے خلاف ہے۔ اسی طرح علماء نے کب یہ کہا کہ تم سائنس میں ترقی نہ کرو۔ ہم نے گلیلیو کی طرح کسی کو پھانسی پر نہیں لٹکایا۔ یہ ہمارا مذہب نہیں یہ عیسائیت ہی تھی جو سائنس سے لڑتی رہی۔ ہم نے تو یہ کہا ہے سابقوا الی مغفرتاً من ربکم کہ جتنی بھی ہو سکے اتنی ترقی کرو۔ بلکہ میں تو یہ کہتا ہوں کہ ترقی کرنا دنیا کے نزدیک تو ایک کمال کی بات ہے اور وہ اسے اپنے لئے ایک اچھا شگون سمجھتی ہے لیکن اسلام کے نزدیک ترقی کرنا فرض ہے اور قرآن کریم نے بتلایا ہے۔ فاستبقو الخیرات استباق استفعال کا باب ہے۔ اس کا معنی ہے کہ ایک دوسرے سے آگے بڑھو اسی استباق اور ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کا ہی نام تو ترقی ہے لیکن اس میں مخصوص اور محدود کر دیا گیا ہے کہ بھلائی کے اندر ایک دوسرے سے آگے بڑھو۔ نیکی کے کاموں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھو۔ اس کا معنی یہ نہیں ہے کہ ہم بے حیائی میں ایک دوسرے کا مقابلہ کریں۔ لادینیت میں ایک دوسرے کا مقابلہ کریں۔

علماء پر یہ الزام ہے کہ وہ تقاضوں کو نہیں دیکھتے۔ میں کہتا ہوں کہ جراحی اور ڈاکٹری نے بہت ترقی کی ہے۔ بتلایا جائے کہ علماء نے اس ترقی کی کب مخالفت کی ہے؟ اور کب کہا ہے کہ تمہیں یہ ترقی نہیں کرنی چاہیئے۔ کسی طریقے سے اجتماعی نظام کے لئے اسلام نے بہت سے معاملات میں ہدایات دی ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ اس کا انسانیت کے معاملے سے کیا تعلق تھا

کہ آپ بائیں ہاتھ سے کھانے کی بجائے دائیں ہاتھ سے کھائیں۔ میں اگر یہ کہتا ہوں کہ چمچہ اور چھرا وغیرہ کھانے کے اندر استعمال کرنا جائز ہے تو ٹھیک ہے لیکن اس میں زمانے کا کونسا تقاضا مجروح ہوتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو چھوڑ کر کے بائیں ہاتھ سے کھانا شروع کر دیا جائے۔ اس میں انسانیت کی کون سی ترقی میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ اسی طریقے سے میں معذرت کے ساتھ کہوں گا کہ مثلاً اگر بیٹھ کر پیشاب کیا جائے گا تو اس میں تو ترقی نہیں ہے اور اگر کھڑے ہو کر پیشاب کیا جائے گا تو اس میں ترقی ہے اس میں کون سی انسانیت کا مسئلہ حل ہو رہا تھا کہ ہمیں اس کے متعلق طعنہ دیا جائے کہ تم ترقی کی مخالفت کر رہے ہو۔

میں تو کہتا ہوں کہ سابقوا الی مغفرۃ من ربکم ور حمتہ سابقو پھر مفاعلہ کا باب ہے تو اس کا معنی بھی یہی ہے کہ ایک دوسرے سے آگے بڑھو۔ مسابقت کرو تو اس کا معنی یہ ہے کہ اسلام کے نزدیک تو ترقی کا ہونا لازمی اور ضروری تھا یہ تو فرائض میں سے تھا لیکن ہم نے اس کو ایک دوسرا رخ دے دیا ہے اور مجھے ایک واقعہ یاد آیا کہ ایک دفعہ جب ایرانی دربار میں ہمارے صحابہ کرام کو دعوت دی گئی تو کھانے کے بعد انہوں نے انگلیوں کو چاٹنا شروع کیا اور وہ جو خدام کھڑے تھے انہوں نے کہا کہ اوہو یہ نہیں کرنا چاہیئے صحابہ نے کہا کیوں انہوں نے کہا کہ ہمارے بادشاہ اور شہزادے اس کا بہت برا مناتے ہیں۔ تہذیب کے خلاف ہے تو ان کے الفاظ سونے کے پانی سے لکھنے کے قابل ہیں انہوں نے فرمایا آ آترک سنت حبیبی لہٰذہ الحمقاء۔ کیا میں اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو ان بے وقوفوں کی خاطر چھوڑ دوں۔ تو آپ اندازہ لگائیے کہ اس وقت ہم اس نہج پر تھے اور علامہ اقبال نے یہی شکوہ کیا تھا کہ

علم غیر آموفتی اندوختی — روئے خود از غازہ اش افروختی

ارجمندی از شعارش مے بریں — من ندانم تو توئی یا دیگری

فکر تو زنجیری افکار غیر — در گلوئے تو نفس از تار غیر

بر زبانت گفتگوہا مستعار — در دلے تو آرزوہا مستعار

آفتاب استی یکی در خود نگر۔ تو انہوں نے فرمایا کہ تمہاری مثال تو آفتاب کی ہے

آفتاب استی یکی در خود نگر۔ از نجوم دیگراں تاب مخر

ہمارے پاس وہ نظام موجود ہے کہ جس نے انسان کو انسان بنایا تھا، جس نے انسانیت کی خدمت کی تھی اور جس نے انسانیت کے مسائل کو حل کیا تھا۔

[Qazi Abdul Latif]

ہم پوچھتے ہیں کہ آج کی اس ترقی یافتہ دنیا کے اندر وہ کون سا نظام تھا جس نے انسانیت کے مسئلے کو حل کیا؟ ہمارے سامنے جو اس وقت رپورٹ پیش کی گئی ہے اس کے اندر چند مندرجات ہیں مثلاً انہوں نے فرمایا ہے کہ ہم نے زکوٰۃ کو جاری کر دیا ہے لیکن میں گزارش کروں گا جہاں تک زکوٰۃ کے اجراء کا تعلق ہے ہم ان کے ممنون ہیں کہ یہ ایک فریضہ تھا کہ وہ زکوٰۃ وصول کریں اور اسے مستحقین تک پہنچائیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ میری گزارش یہ ہو گی کہ اس کی وصولی اور تقسیم کے لئے طریق کار متعین کیا گیا ہے اس نظام کو ناکام اور فیل کرنا مقصود ہے اور پھر دنیا کے سامنے یہ کہا جائے گا کہ ہم نے تو زکوٰۃ کا نظام جاری کر دیا ہے لیکن لوگوں نے اسے نہیں مانا ہے اس کا صحیح فائدہ نہیں ہوا۔ میں عرض کروں گا کہ زکوٰۃ یقیناً ایک مالی عبادت ہے اور نماز کے بعد اس کا دوسرا درجہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے متعلق بہت سے وعدے بھی کیے ہیں اور نہ دینے پر بہت سی وعیدیں بھی دی ہیں لیکن ہمیں یہ بھی نہیں بھولنا چاہئے کہ ہمارا نظام معیشت وہی ہونا چاہئے کہ جو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں تھا جس کے نتیجے میں کوئی زکوٰۃ لینے والا ہی نہیں رہا تھا۔ اب اس کی صورت یہ ہے کہ وسائل رزق میں یعنی جو کمائی کے وسائل ہیں ہر شخص کو شریک کر دیں تاکہ وسائل ہمارے لئے عام ہو جائیں تو پھر اس کے بعد ہم دیکھیں گے کہ یہ قسمت کی بات ہے کہ کس کے حصے میں کتنا حصہ آتا ہے۔ لیکن اگر وسائل پر کنٹرول کر لیا گیا اور وسائل کو ایک جگہ مجتمع کر دیا گیا تو جیسے علامہ افغانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ مال کی مثال ایسی ہے جو قرآن کریم نے کہا ہے کہ جیسے انسان کے وجود کے اندر خون کی گردش اور فرمایا کہ اگر خون کی گردش ایک عضو کے اندر، ایک اندام کے اندر، ایک حصے کے اندر منجمد ہو جائے تو وہ حصہ بھی ناکارہ ہو جاتا ہے اور وجود کا دوسرا حصہ بھی ناکارہ ہو جاتا ہے تو یہ نظام چل نہیں سکتا۔ فرمایا مال کی مثال دنیا کے چلانے کے لئے اور دنیا کے نظام کے چلانے کے لئے انسانی وجود کے لئے خوں کی سی ہے اگر یہ مال گردش میں رہے گا، اگر یہ مال سب لوگوں کے پاس اپنے حصے کے مطابق جائے گا تو یقینی بات ہے کہ دنیا کے اندر امن رہے گا۔

آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ یہ اسلام ہی کا طرہ امتیاز ہے کہ اس نے زندگی میں بھی مال کی تقسیم کے لئے ہدایات دی ہیں۔ اور بعض قوانین مقرر کیے ہیں اور مرنے کے بعد بھی شریعت نے اس کو تقسیم کر دیا ہے اور ایسا تقسیم کر دیا ہے کسی کا کوئی ذاتی اختیار نہیں ہے۔ بیٹی کا حصہ

ہے 'ماں کا حصہ ہے' باپ کا حصہ ہے' بھائیوں کا حصہ ہے۔ تمام برادری کے اندر اس کو تقسیم کر دیا ہے اور اپنے حصے کے مطابق اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ میں جانتا ہوں کہ کس کو کتنا حصہ ملنا چاہئے۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ یورپ کے اندر آج بھی یہی ہے کہ ساری جائداد کا مالک صرف بڑا بیٹا ہی ہوتا ہے۔ بقایا کو صرف ان کے گزارے کے مطابق دیا جاتا ہے۔ ہندو دھرم وغیرہ کے اندر بھی یہی ہے کہ ان کی وراثت عورتوں کو نہیں ملتی۔ یہ اسلام ہی کی فیاضی ہے کہ اس نے دولت کو اس طریقے سے تقسیم کیا ہے تاکہ سارا معاشرہ اس سے استفادہ کرتا رہے۔ لہٰذا زکوٰۃ وصول کرنا ایک اچھی چیز ہے اس کو عبادت تصور کیا گیا ہے لیکن میں یہ گزارش کروں گا کہ اس کے اندر جو وصولی کا طریقہ رکھا گیا ہے یا جو تقسیم کا طریقہ رکھا گیا ہے انتہائی غلط ہے اور میں ابتداء سے اس کی مخالفت کر رہا ہوں۔ اس کا مطلب یہی تھا کہ معاشرے کے اندر جو لوگ معذور ہیں جو بیوائیں ہیں جو یتامٰی ہیں اور وہ کہ جو قدرتی طور پر حادثات کا شکار ہو چکے ہیں اور ان کے پاس مال نہیں رہا ہے وہی لوگ اس کے مستحق ہیں ان کو دیا جائے اور اس کے متعلق صرف زکوٰۃ نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے بہت سی چیزیں اس میں شامل کر دی ہیں دوسرے بھی کچھ واجب اور صدقات اس میں رکھے ہیں۔

میرا پہلا مطالبہ تو یہ ہو گا کہ نظام زکوٰۃ کو صحیح طور پر منظّم کیا جائے اور اس کے لئے طریقہ یہ ہو کہ باقاعدہ ملک کے اندر جو لوگ اپاہج ہیں جو بیوہ ہیں جو یتیم ہیں جو نادار ہیں ان کی فہرستیں بنائی جائیں اور ان کا ان کی حاجت کے مطابق کچھ نہ کچھ وظیفہ مقرر کر دیا جائے۔

............ (مداخلت)

<u>جناب چیئرمین:</u> جناب قاضی صاحب مجھے آپ کو interrupt کرنا پڑے گا۔

As protest against Zionist's violation of the sanctity of the holy mosque of Al-Aqsa and of the Holy mosque of Ibrahim (Peace be upon him) and in persuance of Al-Quds Committee's declaration it has been decided that the House should adjourn its business as is being done in the rest of the country for a period of five minutes. So, it is exactly on my watch 12.00 and we adjourn the business for five minutes, after that Qazi Sahib can continue his speach and the other Speakers on my list for today are, Maulana Kausar Niazi Sahib, Professor Khurshid, muhammad Ali Khan. There are two or three others also; who will take up one by one. So we adjourn the House for five minutes as a protest.

*[The House adjourned for 5 minutes as a protest against zionists' violation of the sanctity of the Holy Mosque of Al-Aqsa].*

[The House re-assembled after the interval with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair].

جناب چیئرمین: جناب قاضی صاحب آپ continue کریں۔

قاضی عبداللطیف: جناب والا! میں گزارش کر رہا ہوں کہ اسلام اقتصادیات پر انتہائی زور دیتا ہے اور اس سلسلے میں موجودہ حکومت نے زکوٰۃ کا نظام جاری کیا ہے اس کا طریقہ کار یہ ہونا چاہئے کہ جتنے مستحق لوگ ہیں ان کی فہرستیں تیار کر کے ان کے لئے وظائف مقرر کئے جائیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ ہے جو غیر ضروری ٹیکس ہیں ان پر نظر ثانی کرنا ہو گی۔

دوسری بات ۱۹۵۱ء سے لے کر آج تک ہم بار بار کہہ رہے ہیں کہ سودی نظام کو ختم کرنے والے ہیں اور اسکے متعلق کچھ رپورٹیں مہیا کر دی گئی ہیں، لیکن آج تک اس کے ساتھ رویہ بظاہر خدانخواستہ وہی ہے جس طرح سے بنی اسرائیل نے سنیچر کے دن شکار کا ایک حیلہ بنا لیا تھا اس دن جو مچھلیاں نکلتی تھیں ان کو ایک تالاب میں اکٹھا کر کے خوش ہوتے تھے کہ ہم نے اپنی کتاب اور مذہب کی مخالفت نہیں کی مگر خدا نے انہیں اس پر شدید عذاب دیا۔ آج ہم بھی اسی نوعیت کا کچھ کھیل کھیل رہے ہیں اور سود کو ہم نے منافع بنا دیا ہے۔ جو طریقہ ہمیں شریعت اور ان رپورٹوں کے اندر بتایا گیا ہے اس کو نظرانداز کر دیا ہے یہ طریقہ اس سے زیادہ خطرناک ہے کہ جیسا پہلے جاری تھا پہلے تو یہی کہا جاتا تھا کہ ہم مجرم ہیں لیکن اب موجودہ شکل کے اندر اسے منافع کا نام دیا گیا ہے اور کہا یہ جاتا ہے کہ سود نہیں ہے۔ جبکہ اسکی بعض صورتیں سود ہی کے اندر آتی ہیں اور بعض نکل جاتی ہیں۔ تو یہ تخریف والی صورت نہیں ہونی چاہئے والی صورت نہیں ہونی چاہئے۔ میری یہی گزارش ہے کہ ہمیں جرات اور ہمت کے ساتھ یہ نظام جاری کرنا چاہئے۔ وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا۔ انقلابات آ رہے ہیں اور لوگ فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ میرے نزدیک مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی اور وجوہات کے علاوہ ایک یہ ہے کہ اگر ہم نے اسلام کو نافذ کیا ہوتا تو یہ صوبائی تعصبات نہ ابھرتے۔ ہم نے اسکی سزا اس دنیا میں اٹھائی ہے۔

عدل و انصاف قیامت پہ نہیں ہے موقوف
زندگی خود بھی گناہوں کی سزا دیتی ہے

آج بھی ہم اس سزا کو پا رہے ہیں۔ اخبارات کو دیکھنے سے یہ تاثر ملتا ہے کہ صوبائی تعصب کو کہاں کہاں سے پھیلایا جا رہا ہے۔ یہ کہنا کہ ہم اسلام لا رہے ہیں یہ ایک تعویذ نہیں ہے

کہ جس کے ذریعے سے ہم ان مفاسد سے نجات حاصل کرلیں گے کہ جو اسلام نہ آنے کی بنا پر ہو رہے ہیں۔

اسکی باتوں میں نہ آ پیر کہن سال ہے دہر
جسکی تفصیل نہیں کوئی وہ اجمال ہے دہر
درد آشام۔ مثال کف غربال ہے دہر
مجھ پر روشن ہے کہ یا زیئچہ اطفال ہے دہر

ہم نے ہر کھیل کو بن بن کے بگڑتے دیکھا
ہم نے ہر بزم کو جم جم کے اکھڑتے دیکھا

بہت سی اسمبلیاں اور ایوان بنے اور بگڑے لیکن ہم نے ان سے عبرت حاصل نہ کی اور اسی نہج پر چلتے رہے اسلام کا نام لیتے رہے اور دنیا کو دکھاتے رہے کہ یہ اسلامی ملک ہے تو خدانخواستہ خدانخواستہ اسکا خمیازہ ہمیں بھگتنا پڑے گا۔ واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ جناب مولانا کوثر نیازی صاحب۔

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! اسلامی مشاورتی کونسل کی جو رپورٹ ہمارے زیر غور ہے اس کی بعض سفارشات پر گفتگو کرنے سے قبل میں چند اصولی باتوں کی طرف اشارہ کرنا چاہوں گا۔ جناب چیئرمین! نو دس سال سے ملک میں غل غلھہ ہے کہ اسلام آرہا ہے مگر اب تک یہ نہیں بتایا گیا کہ کہاں سے آرہا ہے؟ کیا وہ کہیں گیا ہوا ہے کہ اسے وہاں سے دوبارہ یہاں قدم رنجہ فرمانا ہے یا وہ آیا نہیں ہے کہ اب پہلی بار اس کی آمد کی نوید سنائی جاری ہے۔ اسلام تو چودہ سو سال پہلے آچکا ہے۔ یہ کوئی مسافر نہیں ہے کہ جس کے بارے میں پیش گوئی کی جا رہی ہو کہ وہ تیز گام سے آرہا ہے یا بذریعہ طیارہ آرہا ہے وہ چودہ سو سال سے آچکا ہے اور ہمارے پاس ہے اور حقیقت میں وہ باہر سے کبھی نہیں آئے گا جب آئے گا اندر سے آئے گا۔ خارج سے جو لوگ اسے لا رہے ہیں وہ اسی لئے ناکام ہوتے ہیں، حقیقت میں یہ داخل سے آتا ہے اور وہ اسے خارج سے لا رہے ہیں۔ علماء کرام اور صوفیائے عظام کے طریقہ کار میں جناب چیئرمین! یہ ایک فرق رہا ہے۔ صوفیا اسے داخل سے لاتے ہیں اور جب وہ اسے لاتے ہیں تو پھر وہ

[Maulana Kausar Niazi]

کہیں نہیں جاتا۔ پھر وہ وہیں رہتا ہے لیکن بد قسمتی سے علماء حق کی بات نہیں کرتے وہ تو خود صوفیاء ہوتے ہیں، میں علمائے ظاہر کی بات کر رہا ہوں جب وہ محض جبر سے محض شور و غوغا، پروپیگنڈا اور سیاست سے اسے لانے کی کوشش کرتے ہیں تو ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

جب سے پاکستان بنا ہے اب تک کوئی حکومت ایسی نہیں رہی جس نے یہ کہا ہو کہ وہ اسلامی حکومت قائم کر چکی ہے۔ اب اسلام آ گیا ہے۔ ہر حکومت نے اسلام کا نام ضرور استعمال کیا لیکن ہر ایک کہتی تھی کہ ہم گنہگار ہیں اسلام کو بنیاد بنا کر کسی نے حکومت نہیں کی۔ ان نو سالوں میں جو حکومت قائم رہی ہے اس کا طرہ امتیاز یہ ہے کہ اس نے اسلام کو بنیاد بنا کر حکمرانی کی ہے اور اس نے اسلام کے نعرے کا استعمال کیا ہے۔ پہلی حکومتوں کے ضمن میں پھر یہ شک کا فائدہ تھا کہ لوگ یہ کہتے تھے کہ ہمارے مسئلے اس لئے الجھے ہوئے ہیں کہ یہاں اسلامی حکومت قائم نہیں ہوئی، یہاں اسلامی نظام قائم نہیں ہے جب وہ آئے گا تو ہمارے مسئلے حل ہو جائیں گے۔ لیکن جب اس حکومت نے یہ مژدہ جاں فزا سنایا کہ اسلام آ گیا اور اسلامی حکومت قائم ہو گئی ہے اور لوگوں نے دیکھا کہ ان کی مشکلات پہلے سے زیادہ بڑھ گئی ہیں۔ رشوت کے نرخ پہلے سے زیادہ بڑھ گئے ہیں، مہنگائی اور زیادہ ہو گئی ہے۔ ظلم و ستم بڑھ گیا ہے انہوں نے کہا کہ اگر یہ اسلام تھا تو پھر ہم جو سالوں اس کا انتظار کرتے رہے اس کا ہمیں کیا فائدہ ملا؟

اس اسلامی حکومت نے جناب چیئرمین! وہ رومانس ختم کر دیا جو اس قوم کا اسلامی نظام کے ساتھ قائم تھا اور جو اسے بہت سہارا دیتا تھا جو اسے مشکل وقت میں یہ جبر آتا تھا کہ تمام تر مسائل کا باعث یہ ہے کہ اسلام نہیں آ رہا جب وہ آئے گا تو سارے مسئلے حل ہو جائیں گے۔ مگر اس حکومت کی سب سے بڑی اسلام کے ساتھ dis-service یہ ہے کہ اس نے وہ رومانس ختم کر دیا ہے جو قوم کا اسلامی نظام کے ساتھ چل رہا تھا۔ جو اسلام کاری اس حکومت نے کی ہے جناب چیئرمین! ترجیحات کی بات ہے۔ اس حکومت نے یہ چاہا کہ استحصال بھی رہے، غریب غریب تر ہوتے جائیں۔ امراء کے سرمائے میں اضافہ ہوتا رہے، سرمایہ داری جو سرمایہ پرستی پر مبنی نظام ہے وہ بھی پھلے پھولے۔

باغبان بھی خوش رہے راضی رہے صیاد بھی۔

مراعات بھی اسی طرح ہوں۔ حقوق بھی اسی طرح ہوں۔ لیکن لوگوں کو کھیلنے کے لئے ایک ایسا کھلونا دے دیا جائے کہ جس سے وہ بہل جائیں جس سے ان کو یہ سمجھایا جا سکے کہ جس اسلام کا وہ

عرصہ دراز سے انتظار کر رہے تھے وہ اسلام ان کو مل گیا ہے۔ اگر اسلام کے کام کا آغاز سماجی انصاف دینے سے ہوتا، جو نہیں ہے اگر لوگوں کو انصاف دینے سے ہوتا جو ان کی اصل ضرورت ہے، اگر ان کا معاشی مسئلہ حل کیا جاتا، کہ جس کی وجہ سے انہیں ایمان کے لالے پڑے ہوئے ہیں، اگر ان کی معاشرتی ناہمواریاں ختم کی جاتیں، جن کی وجہ سے سوسائٹی میں اونچ نیچ پیدا ہو گئی ہے، اگر عورتوں پر ہونے والا وہ ظلم وستم ختم کیا جاتا کہ جن کی وجہ سے انہیں ملک کے ایک بہت بڑے حصے میں جانوروں کی سی زندگی گزارنا پڑ رہی ہے۔ تو شاید وہ نتائج پیدا ہو سکتے کہ جو نتائج اسلامی نظام پیدا کرنا چاہتا ہے پھر مغرب پر ہم اسلام کے دروازے بند نہ کر دیتے۔ آج مغربی دنیا میں اسلامی حکومت کا جہاں تذکرہ آتا ہے وہاں پاکستان کو بطور مثال پیش کیا جاتا ہے اور مغربی دنیا یہ کہتی ہے کہ اگر اسلامی نظام سے وہی معاشرہ پیدا ہوتا ہے اور وہی سیاسی نظام جنم لیتا ہے جو پاکستان میں ہے تو اس سے بہتر تو ہم خود ہیں پھر ایسے اسلام کی ہمیں کیا ضرورت ہے؟ ہم نے غیروں پر اسلام کے دروازے بند کر دیئے ہیں۔ ہم نے ان ۹ سال کے اندر اسلام کی اتنی dis-service کی ہے جناب چیئرمین! کہ اس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا ہم بنوامیہ کے حکمرانوں کا اسلام لانے کی کوشش کر رہے ہیں جس کے اندر استحصال بھی رہے بادشاہتیں بھی رہیں ظلم وستم بھی رہے بڑے بڑے خاندان بھی رہیں ان کے مفادات کا بھی تحفظ ہو غریب اسی طرح پستا رہے اور یہ پروپیگنڈہ بھی رہے کہ اسلام کی بہت خدمت ہو رہی ہے اور اسلام کا بہت کام ہو رہا ہے۔

میں کہتا ہوں کہ یہ پارلیمینٹ کم سے کم اس لئے تو قابل مبارکباد ہے کہ اس نے اسلام کا نام تو استعمال نہیں کیا، بجائے اس کے کہ اس پر تنقید کی جائے اور اس کی تنقیص کی جائے، اس کو مبارکباد دی جانی چاہئے کہ اس نے اسلام کا نام استعمال نہیں کیا۔ یہ واضح تفریق اگر پیدا ہوئی ہے پارلیمینٹ کے قیام کے بعد سے نہیں بلکہ پہلے دور سے ہے جناب چیئرمین! تو میں سمجھتا ہوں کہ پارلیمینٹ قابل مبارکباد ہے قابل مذمت نہیں ہے۔ اس نے کم سے کم اسلام کا نعرہ لگا کر لوگوں کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی کوشش تو نہیں کی۔ جناب چیئرمین! ان ۹ سالوں کے اندر نہ تو مشاورتی کونسل نے کوئی ایسی گائیڈ لائن دی ہے جس سے اس طرح کا نظام قائم ہو جس سے سماجی انصاف پیدا ہو، عدل عمرانی پیدا ہو جس سے غریب کو عزت کے ساتھ زندگی گزارنے کا حق ملے جس سے اس کی بنیادی ضروریات زندگی پوری ہوں جس سے اس کو انصاف ملے اور

[Maulana Kausar Niazi]

حکومت نے اس سلسلے میں کوئی سنجیدہ کوشش نہیں کی ہے حدود کے قوانین دیئے گئے، مگر کس طرح کہ قصاص ودیت کو منفی کر دیا گیا۔ اگر اب حدود کے قوانین نافذ ہوں اور قصاص ودیت کا قانون نافذ نہ ہو تو آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس طرح کے ادھورے قانون سے کیا مقصد حاصل ہو سکتا ہے اور کیا نتیجہ مرتب ہو سکتا ہے۔

کونسل کی رپورٹ دیکھی جائے اور جناب چیئرمین! اس کی ساری ہی رپورٹیں دیکھی جائیں۔ بد قسمتی سے پارلیمینٹ کو ہر رپورٹ پر الگ بحث کرنے کے لیے کہا گیا ہے وگرنہ ہونا یہ چاہیئے تھا کہ ساری ہی رپورٹوں پر بیک وقت اظہار خیال ہوتا۔ بحیثیت مجموعی ان پر بحث ہوتی لیکن ایک ایک سال پر جداگانہ بحث کیوں کی جا رہی ہے؟ آپ بھی جانتے ہیں میں بھی جانتا ہوں کہ اس کا سبب کیا ہے لیکن جو رپورٹ زیر بحث ہے اس کے ضمن میں بھی یہ گزارش کی جا سکتی ہے کہ کونسل نے محض لیجس لیشن اور لیگلائیزیشن پر زور دیا ہے اس نے محض قوانین سے معاشرے کو بدلنے کی کوشش کی ہے، محض قوانین سے معاشرے کو سدھارنے کی کوشش کی ہے، قوانین سے اسلامی نظام لانے کی کوشش کی ہے حالانکہ محض قوانین سے معاشرے نہیں بدلا کرتے، محض قوانین سے صورتحال نہیں بدلتی اس کے لئے اداروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ ٹھیک ہے وعظ کئے گئے ہیں۔ بڑی تجاویز تبلیغی انداز کی دی گئی ہیں، کتبے کیسے لگائے جائیں، سادہ لباس ہو، شناختی کارڈ پر دین کا اندراج ہونا چاہیئے، تعلیمی اداروں میں مذاکرات ہونے چاہیں، کالجوں میں تربیتی کیمپ ہونے چاہئیں، ۱۴ ویں صدی ہجری پر اچھے اچھے پروگرام ہوں، ٹی وی پر اذان نشر ہو، گویا ٹی وی پر اذان نشر ہوگی تو پورا معاشرہ جو ہے وہ اقامت صلوٰۃ کرنے لگے گا۔

پشاور کی اذان راولپنڈی سے سناؤ، راولپنڈی کی اذان لاہور سے سناؤ، وقت نماز کا ہوا ہو یا نہ ہوا ہو، لوگوں کو خلجان میں ڈالو، شیعوں کو موقع دو کہ یہ کہیں کہ حنفی سکول آف تھاٹ کی اذان سنائی جا رہی ہے ہماری اذان بھی سنائی جائے اور پھر اذان کے فوراً بعد پروگرام اسی طرح جاری رکھو تا کہ جو لوگ نماز با جماعت جانے کے لئے تیار ہوں وہ یہ سمجھیں کہ ہمارا بہت اچھا پروگرام ہو جائے گا۔ اس طرح کے پروگرام ضرور اس رپورٹ میں دیئے گئے ہیں اگر انہیں اصلاح معاشرہ کے لئے کوئی سنگ میل قرار دیا جا سکتا۔

میری مراد یہ ہے کہ محض قوانین سے معاشرہ نہیں بدلا کرتا جب تک ادارے نہ ہوں institutions کہ جو ان قوانین کو ان کی روح کے مطابق چلائیں۔ اب یہ حدود کے قوانین

چار سالوں سے رائج ہیں لیکن ان چار سالوں میں جرائم بڑھے ہیں یا گھٹے ہیں سعودی عرب کی مثال ہمارے سامنے ہے پوری طرح کاملاً میں اسے اسلامی نظام نہیں مانتا لیکن قوانین بہر حال اسلامی وہاں رائج ہیں۔ ان اسلامی قوانین کے مروج ہونے کا نتیجہ یہ ہے کہ وہاں جرائم نہیں ہیں وہاں باہر کے لوگ جاتے ہیں تو انہیں حیرت ہوتی ہے کہ یہ معاشرہ کتنا پرامن معاشرہ ہے لیکن یہاں کے حدود قوانین رائج ہوئے ۴ سال کا عرصہ ہو گیا ہے ان ۴ سالوں میں جناب چیئرمین! آپ اعداد و شمار کا جائزہ لیں۔ جرائم پہلے سے بڑھ گئے ہیں جرائم گھٹے نہیں ہیں۔ میں محض دعویٰ نہیں کرتا میں اس کے لئے آپ کی خدمت میں ثبوت پیش کروں گا۔ وزارت داخلہ کے بیورو آف ریسرچ نے جرائم کی جو رپورٹ سال بہ سال شائع کی ہے اس کے مطابق جرائم کی جو کیفیت ہے وہ میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ جب یہ اسلامی قوانین نافذ نہیں تھے تو جرائم کی رفتار کیا تھی اور جب یہ قوانین نافذ ہو گئے تو اس کے بعد جرائم کی رفتار میں کیسا اضافہ ہوا زنا کے کیس جناب چیئرمین! ۱۹۷۷ء میں باون تھے' صرف باون۔ اس ۱۹۷۷ء میں جس کے نصف اول میں ایک گنہگار حکومت یہاں پر کار فرما تھی لیکن ۱۹۸۰ء میں جناب والا! یہ جرائم ۱۰۸۵ ہو گئے اور ۱۹۸۴ء میں یہ ایک ہزار آٹھ سو بیالیس ہو گئے۔ اب کیا سمجھا جائے کہ یہ تصور اسلامی قوانین کا ہے یا اس کا قصور ہے کہ اسلامی قوانین رائج ہی نہیں کیے گئے' نافذ ہی نہیں کیے گئے' ان کی برکتوں سے معاشرے کو متمتع نہیں ہونے دیا گیا' محض ڈھنڈورا پیٹا گیا' محض نعرے لگائے گئے؟ اسی طرح اغواء کے کیسز جناب چیئرمین! ۱۹۷۷ء میں تین ہزار ایک سو ستاون تھے جناب والا! ۸۰ء میں ان کی تعداد ۴۶۶۵ ہو گئی' اور ۸۴ء میں اگرچہ تعداد' ۸۰ء کی نسبت کم ہے لیکن ۷۷ء سے بہر حال زیادہ ہے ۸۴ء میں ۳۸۱۱ اغواء کی وارداتیں ہوئی۔ تو وہ کیا اسلامی قوانین تھے جن کی وجہ سے اغواء کی وارداتوں میں اضافہ ہو گیا' اسلامی قوانین تو جہاں رائج ہوتے ہیں وہاں جرائم مٹ جاتے ہیں ان کا نام و نشان ختم ہو جاتا ہے۔ یہ کیسے اسلامی قوانین پاکستان میں رائج کیے گئے جن سے جرائم کی رفتار اتنی تیز ہو گئی۔ اسی طرح آپ شراب نوشی کے واقعات کو دیکھئے جو قابل دخل اندازی قانون ٹھہرے۔ ۷۷ء میں ان کی تعداد ۲۷۸۷۹ تھی ۸۰ء میں یہ تعداد ۳۱'۳۲۵ ہو گئی۔ جناب چیئرمین! حدود کے اجراء کے بعد تو یہ نظر آتا ہے کہ کوئی شرابی ہی یہاں نہیں ہے۔ لیکن ۸۴ء میں یہ تعداد ۲۲'۹۹۶ رہی تو کیا اس سے یہ نتیجہ نکالنا غلط ہو گا کہ یہ حدود کے قوانین محض کاغذی پھول تھے' جنہیں

[Maulana Kausar Niazi]

رپورٹوں کے گلدانوں میں سجا تو دیا گیا مگر ان کی خوشبو سے مشام جان معطر نہیں ہوئی آپ اعداد و شمار دیکھیں، شروع شروع میں ممکن ہے چند ماہ کچھ ڈر و خوف لاحق رہا ہو لیکن جب پولیس نے، جب مجسٹریٹوں نے جب انتظامیہ نے پوری طرح مجرموں کی تسلی کرا دی کہ احوال کچھ نہیں بدلے، بگڑے ضرور ہیں، بدلے نہیں۔ اسلامی قوانین برائے بیت آئے ہیں برائے نام آئے ہیں۔ ان سے گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے تو مجرموں کے حوصلے اور بڑھ گئے۔ جرائم اور تیز ہو گئے۔ جناب چیئرمین! حقیقت یہ ہے کہ اس ملک کے اندر جو زمام کار رکھنے والے لوگ تھے، جو so called intelligentsia ہمارے ملک کی ہے اس نے ڈیوائن لاء کی superiority کو دل سے قبول نہیں کیا، اس لئے جناب چیئرمین! یہ بحثیں جاری ہیں، قطع ید سے کیا مراد ہے؟ چوری کی سزا میں ہاتھ کاٹا جائے۔ کیا یہ صحیح ہے۔ کیا یہ غلط ہے۔ آپ نے قطع ید کی سزا مقرر کر دی، مگر جن کو یہ کام آپ نے سونپا کہ وہ ان کی تنقید کریں، ان کی تربیت کسی اور قانون کے فریم ورک میں ہوئی ہے۔ وہ دل سے اس پر مطمئن نہیں ہیں کہ یہ قانون جاری ہو سکتا ہے، رائج ہو سکتا ہے آج کے دور میں بھی رائج ہو سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حدود رائج ہونے کے بعد ایک واقعہ بھی ایسا نہیں ہوا، جس میں قطع ید ہوا ہو، ان بحثوں کو تو جانے دیجئے کہ شیعہ اور سنی قطع ید میں کیا تمیز روا رکھتے ہیں، کیا فرق روا رکھتے ہیں، انگلیوں سے کاٹا جائے۔ یہاں سے کاٹا جائے، یا کہاں سے کاٹا جائے، اس بحث کو جانے دیجئے۔ اس پر میں الگ بات کروں گا کہ اسلام کے اجراء میں ہم نے کس طرح practical wisdom کا ثبوت نہیں دیا ہے۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ ادارے نہ ہونے کی وجہ سے رجال کار نہ ہونے کی وجہ سے معاشرہ تیار نہ ہونے کی وجہ سے، لوگوں کی ذہنی تربیت نہ ہونے کی وجہ سے کارپردازوں کے سرخ فیتے ہونے کی وجہ سے یہ حدود کے قوانین بالکل غیر موثر رہے، بیکار رہے۔

اس طرح وہ کارنامہ جس کا کریڈٹ یہ کونسل لے سکتی تھی، جس کا کریڈٹ یہ حکومت لے سکتی تھی، مارشل لاء لے سکتا تھا، چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر لے سکتا تھا یہ بالکل بوگس کریڈٹ ہے جو کسی کے کھاتے میں نہیں جاتا۔ یہ dis-credit ہے یہ dis-service ہے اس سے اسلام کی خدمت نہیں ہوئی بلکہ اس سے اسلام کے لئے وہ کام

کیا گیا جو پہلی حکومتوں نے نہیں کیا۔ جناب چیئرمین! میں نے عرض کیا کہ ہم نے حکمت عملی سے کام نہیں لیا practical wisdom سے کام نہیں لیا، ہم نے تدبیر سے کام نہیں لیا، اس اسلامی قوانین کے اجراء اور نفاذ میں، جناب چیئرمین! اسلام کے اندر سو میں سے نوے باتیں ایسی ہیں جن پر تمام مکاتب فکر کا اتفاق ہے۔ دس باتیں ایسی ہیں جو کہ اختلافی ہوں گی۔ اگر ہم اسلام کا کام کرنا چاہتے تھے پہلے ان ۹۰ باتوں کو implement کرتے جن پر سب کا اتفاق ہے۔ لیکن ہم نے آغاز وہاں سے کیا، جن باتوں میں آپس میں اختلافات تھے، تاکہ پنڈورا باکس کھل جائے۔ فرقے آپس میں لڑنے لگ جائیں اور یہ کام جو ہے معطل ہو جائے۔ پھر onus ان لوگوں پر ہو، جو اس میں رکاوٹ بنے اور ہم کہیں گے کہ فرقہ وارانہ جھگڑے اتنے اٹھ کھڑے ہوئے ہیں کہ اب آگے اس کی پیش رفت ہی ممکن نہیں، اگر یہ شعوری طور پر کوشش کی گئی تو یہ ایک سازش تھی، اور غیر شعوری طور پر کی گئی تو یہ اس اسلام کے ساتھ ناداں دوستی تھی۔

ابھی میرے بزرگ دوست حضرت مولانا قاضی عبداللطیف صاحب نے زکوٰۃ کے مسئلے پر اظہار خیال کیا، جناب چیئرمین! کاش کہ وہ یہ بھی کہتے کہ وہ حکومت جس کے جسم وجان کے سارے ریشے سود سے بنے ہوں اور جس کا بیت المال سود سے لبالب بھرا ہو، اس کو کیا حق پہنچتا ہے کہ وہ زکوٰۃ وصول کر کے اس کو بیت المال میں جمع کرے۔ سود اور زکوٰۃ دونوں متوازی نہیں چل سکتے۔ جو حکومت سودی کاروبار کرتی ہے وہ ایسی حکومت نہیں ہے جو زکوٰۃ وصول کرنے کا حق رکھتی ہو، زکوٰۃ کے سلسلے میں پہلے یہ تھا کہ لوگ اپنے عزیزوں کو اپنے نادار پڑوسیوں کو اپنے غریب رشتے داروں کو زکوٰۃ دے لیتے تھے۔ انہیں معلوم ہوتا تھا ہمارے محلے میں ہمارے گاؤں میں ہمارے قریب کون ایسا آدمی ہے، جو اس کا حق رکھتا ہے۔ لیکن اس اختیار سے بھی محروم ہو گئے۔ اب زکوٰۃ وصول عمال حکومت کرتے ہیں سرکاری ملازمین وصول کرتے ہیں اور وہ اپنے انداز سے اس کو تقسیم کرتے ہیں کس کو دیتے ہیں کس کو نہیں دیتے، اس میں زکوٰۃ دینے والے کا کوئی عمل دخل نہیں، اس طرح وہ جو ایک محدود فائدہ پہلے زکوٰۃ سے انفرادی طور سے ہو رہا تھا، وہ بھی نہیں ہو رہا۔ جناب چیئرمین! یہی نہیں سوچا گیا کہ زکوٰۃ نافذ کرتے وقت، شیعہ اور سنی جو دو مکاتب فکر ہیں ان کے ہاں اس مسئلے پر کیا اختلاف رائے ہے۔ وہ حکومت کیا حکومت ہے جو قانون بنائے اور پھر اس کے بعد گھٹنے ٹیک دے اور اس کو تنسیخ کر

[Maulana Kausar Niazi]

دے۔ وہ حکومت کیا حکومت ہے جس کے ہاں دو متبادل قوانین چل رہے ہوں دو parallel قوانین چل رہے ہوں ایک طبقہ قانون سے مستثنٰی ہو' اور دوسرے طبقے پر وہ قانون لاگو ہو' اور دونوں کلمہ گو ہوں اور دونوں مسلمان ہوں۔

جناب چیئرمین! آپ کو معلوم ہے کہ شیعہ سنی مسئلہ کیوں بڑھ گیا' کیوں اس کے اندر ٹنشن پیدا ہو گئی ہے دونوں طبقوں کے درمیان نزاع پیدا ہو گیا ہے۔ میں آپ کو بتاتا ہوں' شاید کسی نے آپ کو اس سے باخبر نہ کیا ہو' کوئی عالم شاید کھل کر یہ بات نہ کہے' لیکن میں آپ کو بتاتا ہوں اس کی ذمہ داری ساری حکومت پر ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ جب اس حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ شیعہ زکوٰۃ سے مستثنٰی ہیں تو بے شمار سنیوں نے زکوٰۃ سے بچنے کے لئے جو انہیں ٹیکس کی طرح دینا پڑ رہی ہے شیعہ بننے کا اعلان کر دیا' آپ کبھی اسلام آباد سے لاہور جائیں آپ گاڑی پر سے اردگرد کے دیہاتیوں کی چھتوں پر لگے ہوئے کالے جھنڈے دیکھیں' دیہاتیوں نے کالے جھنڈے اپنے گھروں پر لگا دیئے ہیں۔ یہ اعلان کرنے کے لئے کہ ہم شیعہ ہیں تاکہ عشر اور زکوٰۃ کے ٹیکس سے بچیں۔ تب سنی مولویوں نے دیکھا کہ یہ ہمارے لوگ ہیں اور ہمیں بلایا کرتے تھے ہم سے میلادیں کراتے تھے ہم سے گیارہویں پڑھواتے تھے۔ اب یہ ہمارے ہاتھ سے گئے۔ پھر وہ شیعوں کے بالمقابل ہو گئے اور اسطرح شیعہ سنی tension بڑھنی شروع ہو گئی جب تک آپکا یہ قانون موجود ہے یہ tension کم نہیں ہو سکتی۔

ہونا یہ چاہئے تھا کہ پہلے اس ملک میں پوری طرح اسلامی حکومت بن جاتی پھر آپ زکوٰۃ وصول کرنے کا حق رکھتے تھے۔ لیکن ابھی نہیں پوری طرح بنی تھی تو آپ تجربہ کرنے کیلئے اجتماعی بیت المال قائم کر کے لوگوں کو دعوت دیتے کہ جو لوگ اختیاری طور پر اپنی زکوٰۃ دینا چاہتے ہیں وہ دیں ہم ایک collective زکوٰۃ کا تجربہ کر رہے ہیں۔ اس جاری کردہ نظام زکوٰۃ سے فائدہ کیا ہوا۔ جبکہ آپ سود سے زکوٰۃ کاٹ رہے ہیں بینکوں میں اصل زر پر جو نفع ملتا ہے اسے سود کہتے ہیں یا آپ کہیں کہ سود نہیں ہے۔ سود ہے اس پر زکوٰۃ لیتے ہیں۔ اسطرح ناپاک کو پاک بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ مولانا نے یہ فتویٰ نہیں دیا کہ اسطرح سے یہ زکوٰۃ جائز ہے یا نہیں لیکن آپ نے زکوٰۃ لی اور زکوٰۃ فاؤنڈیشن بنالی اور کافی لوگ اسمیں کھا پا لئے' لیکن گداگر بڑھ گئے۔ ہم مانتے ہیں کہ آپ اجتماعی زکوٰۃ لے رہے تھے تو کم سے کم اتنا ہوتا کہ جاتے ہوئے سڑکوں پر ادھر ادھر پھیلے ہوئے ہاتھ نظر نہ آتے' جو اس نظام سے پہلے نظر آتے تھے لیکن

اب ان میں اضافہ ہو گیا ہے۔

کونسل کی اچھی سفارشات میں سے ایک اچھی سفارش یہ بھی تھی کہ زکوٰۃ کے روپوں سے صنعتی ادارے قائم کئے جائیں اور ان گداگروں کو صنعت و حرفت سکھائی جائے تاکہ وہ اپنی روزی کما سکیں اس کونسل کی یہ بھی سفارش تھی کہ تعلیمی ادارے بنائے جائیں جن میں غریبوں کے بچوں کو مفت تعلیم دیجائے۔ اس کونسل نے یہ بھی سفارش کی تھی کہ شفاخانے بنائے جائیں جہاں غریب اور نادار لوگوں کا فری علاج ہو۔ اس پر تو کوئی عمل نہیں ہوا۔ اسمیں بھی کئی مسائل آتے تھے۔ بہرحال اب تک جو آپ نے ادھورا تجربہ کیا ہے اس نے فائدہ نہیں بلکہ نقصان پہنچایا۔ آپ نے فرقہ واریت کو ہوا دی اور اسلام کے اجتماعی نظام کے نتائج دکھا کر لوگوں کو مایوس کیا۔

جناب چیئرمین! اس رپورٹ میں کونسل نے بعض اچھی سفارشات کی ہیں۔ اگر حکومت واقعی خادم اسلام تھی اور خادم اسلام کی حکومت تھی، تو اسے عملی جامہ پہنانا چاہئے تھا جبکہ مارشل لاء کے سامنے کوئی رکاوٹ نہ تھی۔ وہاں "کن" کا لفظ کہنے سے چیز سامنے ہو جاتی تھی۔ اس کونسل نے ۷۸ء میں آئینی ترامیم دیں کہ اسمیں یہ، یہ ترامیم کر دی جائیں تو یہ آئین مکمل اسلامی آئین بن جائیگا۔ لیکن نو سال گزر جانے کے باوجود حکومت نے آئین میں اور ہر طرح کی ترامیم کیں اور مرضی کے مطابق کر کے اسکا حلیہ بگاڑ دیا۔ وہ غریب آئین ۷۳ء کا برائے نام ہے وہ نہ ۷۳ء کا ہے نہ ۸۵ء کا۔ نہ پورا تیتر نہ بٹیر، نہ ہی اسلامی اور نہ ہی پارلیمانی ہے، نہ صدارتی ہے اور نہ جمہوری۔ کچھ بھی نہیں۔ لیکن اسلامی کونسل نے جو اسلامی ترامیم تجاویز کیں اسمیں سے ایک بھی تجویز حکومت نے آئین میں انکارپوریٹ کرنے کی کوشش نہیں کی۔

نواں ترمیمی بل جو بڑی مشکل کوششوں اور سمجھوتوں سے آیا اسکے اندر بھی اس رپورٹ کی دی ہوئی ترامیم کو سمونے کی کوشش نہیں کی گئی، تو یہ کونسل کی ان اہم سفارشات کا حال ہے جن کے بارے میں بھی کہہ سکتا ہوں کہ ان میں بڑا وزن ہے ہاں ایک اور سفارش بھی اس کونسل نے کی تھی کاش اسی پر ہی عمل ہو گیا ہوتا تو کوڑے کھا کھا کر غریب لوگوں کے جسموں کے چمڑے نہ اتر گئے ہوتے۔ ایسے کوڑے غریب لوگوں اور سیاسی کارکنوں کو مارے گئے اگر وہ ہاتھی کو مارے جاتے تو وہ بھی زمین پر ڈھے جاتا۔ ایک نعرہ جمہوریت کا لگانے پر لہولہان کر دیا۔ کونسل نے اسکے متعلق یہ سفارش کی تھی میں آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں۔

[Maulana Kausar Niazi]

"کہ کوڑوں کی سزا کے اجراء کے وقت موسم سخت سرد ہو یا سخت گرم ہو تو موسم کے معمول پر آنے تک سزا کا اجراء ملتوی رکھا جائے گا"، یعنی انسان کی ضرورت اور جو احترام ہے اسکو کونسل نے ملحوظ خاطر رکھا۔ پھر یہ کہا کہ کوڑے مارنے والا شخص غیر جانبدار اور پختہ ذہن کا مالک ہو۔ مگر یہاں تو جناب بھنگیوں سے کوڑے مروائے گئے۔ جمعداروں سے لیڈروں کو کوڑے مروائے گئے۔

حضرت مولانا مودودی نے اپنی تفسیر تفہیم القرآن میں یہ لکھا ہے کہ کوڑے مارنے والا عالم ہونا چاہیئے۔ لیکن یہاں عالم تو کجا، غیر عالم تو کجا، کونسل نے کہا کہ غیر جانبدار اور پختہ ذہن کا مالک ہو، مگر یہاں انکا انتخاب کیا گیا جن کا سرے سے ذہن نہیں تھا۔ جو ذہن نام کی کسی چیز کے مالک ہی نہ ہوں تاکہ ان پر کسی آہ وفریاد کا اثر ہی نہ ہو سکے۔ کونسل نے یہ سفارش بھی کہ کوڑا ہاتھ سر سے اونچا کئے بغیر درمیانی طاقت سے لگایا جائے ایک کوڑا مارنے کے بعد وہ کندھے سے اوپر نہ اٹھایا جائے اور نہ ہی گھما کر مارا جائے لیکن یہاں جس طرح پل کر اور پل کر اس اسلامی حکومت نے غریب سیاسی کارکنوں کو کوڑے کھلوائے وہ منظر دیدنی ہے۔ جناب چیئرمین! اگر اسکی کہیں فلم بن جاتی تو بیرونی دنیا میں اسے دکھا کر یہ اندازہ کرایا جاتا کہ کیا اسلامی حکومت ہے جو مارشل لاء نے اس پاکستان میں ان ۹ سالوں میں قائم کی۔

مزید یہ کونسل یہ کہتی ہے کہ سزایاب کو ننگے بدن کوڑے نہ مارے جائیں۔ ایسے کپڑے اسکے بدن پر رہنے دیئے جائیں جو اسلامی احکام کے مطابق ضروری ہیں لیکن یہاں تو ان غریبوں کی قسمت میں ایک لنگوٹی تھی باقی سارا جسم انکا عریاں 'ننگا اور ٹکٹکی پر باندھ' دور سے آ کر کشتی اور کبڈی کے انداز میں انکو کوڑا مارا جاتا تھا۔ کوڑے مارنے والا بالکل ذہن سے کورا اور ہاتھ میں کوڑا ہوتا تھا۔ کیا یہ اسلامی کونسل کی سفارشات پر ہم نے عملدر آمد کیا ہے؟

جناب چیئرمین۔ اگر یہ حکومت واقعی اسلامی کونسل کی سفارشات کو عملی جامہ پہنانے کے ضمن میں سنجیدہ ہوتی تو جو کونسل کی بالکل بے ضرر قسم کی سفارشات ہیں اور جو چھوٹی چھوٹی سفارشات ہیں انہیں عملی جامہ پہنانے میں کیا تکلف اور تامل ہو سکتا تھا۔ ایک سفارش ۷۸ء کی رپورٹ میں غریب کونسل نے یہ کی کہ کونسل کا ایک ترجمان جریدہ ہونا چاہیئے۔ میگزین ہونا چاہیئے۔ یہ نہیں کہا کہ اس پر بوجھ پڑے اور نیا بجٹ اس کے لئے منظور کیا جائے۔ اس نے اس

میں یہ تجویز دی ہے کہ جو ادارہ تحقیقات اسلامیہ ہے اس کے پاس کئی جریدے ہیں ان میں سے ایک جریدہ کونسل کو دے دیا جائے۔ تاکہ وہ اس میں عملی مضامین چھاپ سکے۔ نو سال ہو چکے ہیں جناب چیئرمین! کہ اس غریب کونسل کی یہ معمولی سی سفارش بھی قبول نہیں ہو سکی۔ اس کے بعد اس کونسل نے یہ سفارش کی کہ ابوظہبی میں حکومت کی طرف آنحضور صلی الہ علیہ وسلم کے نامہ ہائے مبارک پر مبنی ایک فلم تیار کی گئی ہے۔ وہ یہاں پاکستان میں دکھا دی جائے۔ لیکن نو دس سال ہو گئے ہیں جناب چیئرمین! اس حکومت کو یہ توفیق نہیں ہوئی کہ ابوظہبی کی حکومت سے رابطہ کر کے وہ اس فلم کو یہاں منگوائے اور ٹی وی پر دکھائے۔ یہ تو اس کونسل کا سٹیٹس تھا۔ اس انداز سے تو اس کو non-seriously لیا جاتا تھا تو اس کی سفارشات کے اہم ترین حصوں پر کیسے عمل کیا جاتا جبکہ ان کے بے ضرر سادہ، چھوٹے چھوٹے حصے جو ہیں انہی کو عملی جامہ نہیں پہنایا گیا۔

ہاں! جناب چیئرمین! میں یہ ضرور کہوں گا بعض سفارشات اس رپورٹ میں ایسی ہیں کہ جن سے مجھے باادب اختلاف ہے اور اللہ کا شکر ہے کہ میں ڈر اور خوف کی بنیاد پر اپنے خیالات چھپانے کا عادی نہیں ہوں۔ میں جو سمجھتا ہوں وہ کہوں گا۔ ایک سفارش اس رپورٹ میں یہ کی گئی ہے اور حکومت نے اپنا نقطہ نظر اس سلسلے میں اب تک واضح نہیں کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو جرات سے اس پر اپنا موقف اختیار کرنا چاہئے تھا کہ قومی پرچم کی اصلاح کی جائے یا نہیں۔ جناب چیئرمین! قومی پرچم روز روز نہیں بنتے۔ پاکستان کو بنے ہوئے چالیس سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ چالیس سال کے بعد اس کے پرچم میں ترمیم اور اضافہ کرنا کسی آزاد قوم کا شیوہ نہیں ہے۔ محض اس لئے کہ کونسل مذہبی جزبے کو اپیل کر رہی ہے اور وہ سلوگن دے رہی ہے کہ جس کی وجہ سے لوگ مسحور ہو جائیں گے اور کہیں گے کہ ہاں ہاں کون مسلمان اس بات سے اختلاف کرے گا کہ قومی پرچم پر کلمہ طیبہ لکھا جائے۔ کونسل نے یہ بھی سفارش کی ہے کہ اس پر تکبیر بھی لکھی جائے، نعرہ تکبیر بھی لکھا جائے یعنی کلمہ تکبیر بھی لکھا جائے۔ جناب والا! ظاہر ہے کونسل نے جب یہ تجویز دی ہے تو مسلمان بیچارے تو یہی کہیں گے کہ ہم کیسے اس بات سے اختلاف کریں۔ لیکن میں مطالبہ کرتا ہوں کہ درود شریف بھی لکھا جائے، اس نے کیا قصور کیا ہے؟ کلمہ طیبہ ہے، نعرہ تکبیر ہے، درود شریف بھی ہونا چاہئے۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! یہ قومی پرچم کے ساتھ کھیلنا ہے جب ایک قومی پرچم رائج ہو گیا ہے اور وہ

[Maulana Kausar Niazi]

غیر اسلامی نہیں ہے چاند اللہ کا ہے تارا اللہ کا ہے جو رنگ اس میں ہیں وہ اللہ کے دیئے ہوئے ہیں۔ وہ سارے کا سارا پرچم اسلامی ہے' اسلام کے خلاف نہیں ہے۔ تو کیوں اس کے اندر ہم خوامخواہ اضافے کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ حکومت اس سلسلے میں کیوں کوئی دلیرانہ موقف اختیار نہیں کرتی وہ آج تک کیوں منہ میں گھنگنیاں ڈالے خاموش بیٹھی ہے۔ کیوں نہیں کہتی کہ یہ تجویز جو کونسل نے کی ہے' غیر ضروری ہے اور اس پر عمل کرنے کی چنداں ضرورت نہیں ہے

اسی طرح جناب چیئرمین! اس رپورٹ کے اندر' میں نے غائر نظر سے دیکھا ہے اول تا آخر' ایک سفارش پاکستان کی عورتوں کے بارے میں نہیں ہے۔ کیا ہم وہ اسلام لائیں گے جس میں عورتیں خارج از بحث ہیں۔ جس میں عورتوں کا کوئی حق نہیں ہے۔ جس میں ان کے مسائل کا کوئی حل تجویز نہیں کیا جائے گا۔ جس میں انہیں یکسر اور بیک قلم نظر انداز کر دیا جائے گا۔ اگر ہم اپنی نصف آبادی سے ۵۱ فیصد آبادی سے اس طرح اغماز برتیں گے' اس طرح بے اعتنائی کریں گے اس طرح انہیں ڈسٹ بن میں پھینک دیں گے اس طرح ان کے مسائل حل کرنے کی کوشش نہیں کریں گے اور نام اسلام کا لیں گے تو نتیجہ یہی نکلے گا جناب چیئرمین! اور پڑھی لکھی خواتین یہی سمجھیں گی کہ اسلام ان کے مسائل حل نہیں کرتا بلکہ کچھ لوگوں کا رویہ ایسا ہے کہ جس سے ان کے مسائل اور گھمبیر ہو رہے ہیں اور ان کی مشکلات بڑھ رہی ہیں۔ میری خواہش اور دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ کونسل کو یہ توفیق دیتا کہ وہ اس مسئلے میں بھی کوئی سفارش کرتی۔ اس سلسلے میں بھی کوئی رپورٹ پیش کرتی۔ کوئی تجویز حکومت کو دیتی۔ لیکن افسوس کہ میں نے جس نظریئے سے اس دستاویز کا مطالعہ کیا اس میں مجھے کوئی لفظ پاکستان کی خواتین کے بارے میں نہیں مل سکا۔

جناب چیئرمین! میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا' اگر زندگی رہی تو جو دیگر رپورٹیں ابھی یہاں بحث میں آئیں گی ان پر بھی میں اپنی گزارشات پیش کروں گا۔ آج ہی کی بات کافی نہیں ہے۔ یہ تو ابتداء ہے' ابھی آغاز ہے' آگے انشاء اللہ ساری رپورٹوں پر میں تفصیل سے بات کروں گا۔ میں صرف یہ کہتا ہوں کہ کہ علامہ اقبال' جسے یہ حکومت بھی ترجمان حقیقت کہتی ہے اور جس کی یادگاریں قائم کی جا رہی ہیں اور جس کا دن منانے کے لئے ہم نے ولادت پر

بھی چھٹی کی ہے اور ان کی وفات پر بھی چھٹی کی ہے۔ ہم انہیں حکم مانیں کہ اسلامی نظام کیا ہے؟ ہم ان سے پوچھیں کہ اسلامی نظام کیا ہے۔ وہ ایک رند منش انسان' شاید کتنے ہی علماء سے بہتر اسلام کا ترجمان ہو۔ اس نے کیا کہا جناب چیئرمین! اسلامی نظام کے بارے میں اس نے کہا کہ

کس نہ باشد در جہاں محتاج کس

کوئی شخص کسی دوسرے کا محتاج نہ ہو۔

کس نہ باشد در جہاں محتاج کس

نکتہ شرح مبین اینست وبس

شریعت کی روح اس کا اصل نقطہ اور پوائنٹ یہی ہے اور صرف یہی ہے کہ احتجاج ختم کر دو ایکسپلائیٹیشن ختم کر دو استحصال ختم کر دو نہ کوئی ہاتھ پھیلنے والا ہو اور نہ کوئی ہاتھ چھیننے والا ہو۔ خدا کرے کہ اسلامی حکومت کے دعویدار اقبال کے دکھائے ہوئے اس راستے کی طرف بھی چل سکیں۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ۔ اجلاس اذان تک جاری رہے گا اور اذان تقریباً ڈیڑھ بجے ہو جاتی ہے اگر کوئی صاحب اگلے بیس منٹ تک اپنی تقریر ختم کر سکتے ہیں تو ان کو دعوت ہے کہ وہ اپنی تقریر شروع کریں اور جو لمبی تقریر کرنا چاہتے ہیں وہ دوسرے دن کر لیں۔ یہ میں ان کی صوابدید پر چھوڑتا ہوں۔ میرے پاس جو نام ہے وہ پروفیسر خورشید صاحب کا ہے اگر وہ بولنا چاہیں؟

پروفیسر خورشید احمد: میں بولوں گا۔

جناب چیئرمین: اچھا۔ دوسرے محمد علی خان صاحب آج بولنا چاہتے تھے۔

جناب محمد علی خان: پرسوں پر چھوڑ دیں۔

جناب چیئرمین: اچھا' نوابزادہ صاحب آپ بولنا چاہتے ہیں؟

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: جی ہاں۔

جناب چیئرمین: جی فرمائیے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم .......... (مداخلت)

مولانا سمیع الحق: میرے خیال میں تو اتنی اعلیٰ تقریریں ہو گئی ہیں کہ ان کے بعد ہم ان تقاریر کی لذت ساتھ لے کر چلے جائیں.......... (مداخلت)۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ، دراصل میں سمجھتا تھا کہ اگر صرف اسلام کے اوپر تقریریں کرنی ہیں تو ہر ایک نقطہ اتنا واضح ہے کہ اس پر تقریر کی جا سکتی ہے قرآن کے حوالے اور سنت کے حوالے اور پھر ساری تاریخ کو پلٹنا پڑے گا کہ کس قسم کے حالات سے ہم گزرے ہیں۔ اسلام کس شکل میں تھا اور کس شکل میں ہمارے سامنے آگیا اس پر تو بہت سارا وقت لگتا ہے۔ میں اس وقت صرف کونسل کی سفارشات کی چند باتیں آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں جن کا تعلق تعزیر سے ہے۔ ان میں سے ایک میں لکھا ہوا ہے کہ اولوالامر کو کسی جرم میں زبانی سرزنش کرنے سے لے کر موت تک کی سزا دینے کا اختیار ہے اب یہ مجھے سمجھ نہیں آئی کہ موت کا اختیار اسکو کس جرم میں حاصل ہے۔ جن جرائم کے متعلق قصاص ہے یا قتل ہے وہ تو قرآن شریف میں صریحاً مذکور ہیں۔ لیکن تعزیرات میں اولوالامر کو موت تک کا اختیار دینے کا منبع بتایا ہے اس کا جواز کیا ہے کیا یہ سنت ہے یا یہ اس تاریخ کا حصہ ہے جب اسلام کی خلافت کا تصور ایک ملوکیت میں تبدیل ہوا جیسا کہ ایک واقعہ ہمارے سامنے ہے کہ ایک دفعہ عثمانیوں کے وقت میں ایک شہزادہ کہ جس کی والدہ فرانس سے تھی ۸ سال کی عمر میں اس لئے پانی میں ڈبو یا گیا کہ اس وقت کے قاضی نے حکم دیا کہ چونکہ یہ بڑا ہو کر کے نزاع کا باعث بن سکتا ہے۔ یہ مسئلے بھی ہمارے سامنے اس زمانے کی یادگار ہیں جب ملوکیت آئی ہے اور اس مارشل لاء کے دوران بھی یہ کہا گیا ہے کہ یہ تعزیر وہ سزا ہے جس کا تعلق اولوالامر حکومت کی صوابدید پر چھوڑ دیا گیا اور اولوالامر کی طرف سے ان سزاؤں کو معاف کر دینا جائز ہے۔ مجرم کے حالات کے مطابق کم از کم تعزیری سزا سرزنش اور بڑی سے بڑی سزا قتل ہے۔ یہ ہے آپ کی رپورٹ کے صفحہ ۲۲۰ (د) پر اور یہ چوری اور ڈکیتی کے سزاؤں کا قانون ہے۔ اب ڈکیتی کی سزاؤں کے متعلق فساد فی الارض جسے کہتے ہیں اس میں تو یہ ہے کہ سزائے قتل بھی ہو سکتی ہے۔ ہاتھ پاؤں بھی کاٹ سکتے ہیں اور اس کو ملک بدر بھی کر سکتے ہیں لیکن اس کی معافی کے اختیارات قاضی کو ہیں نہ کسی حاکم کے پاس ہیں۔

جناب! کوئی بھی قانون جب بنایا جاتا ہے تو قانون کو مشتہر کرنا چاہئے اور پھر اس تمام تاریخ کا مطالعہ کرنا چاہئے جہاں فقہا نے کچھ کام کیا ہے قانون کے اوپر اور ان سے کچھ فرو گزاشتیں بھی ہوئی ہیں عباسیوں کے پانچ سو سالہ حکومت میں جتنے بھی امام آئے ہیں یا بنو امیہ کے وقت میں آئے ہیں آپ نے دیکھا کہ امام ابو حنیفہ صاحب کو، انہیں جیل میں ڈالا گیا

بہت سارے اماموں کو قتل کی سزائیں دی گئیں میری عرض یہ ہے کہ اس نظریاتی کونسل کی رپورٹوں پر بجائے لمبی چوڑی تقریریں کریں صرف وہ باتیں کریں جن پر ہمیں اعتراض کرنا ہے۔ ان کو اجاگر کریں۔ میں چاہتا ہوں کہ اس کے اوپر علمائے کرام یا جو حکومت کے وزیر ہیں وہ اس پر روشنی ڈالیں کہ یہ سزائے موت کا اختیار اوالامر کو کس منبع سے دیا گیا اور وہ کون سی سزائیں ہوں گی کہ چاہے وہ گھر سے ناراض ہو اور بیوی سے لڑ کر گیا ہو اور عدالت میں جا کر کسی کو شراب پینے پر قتل کی سزا سنائے یا چاہے اس کو سزائے تازیانہ دے۔ دوسری بات فلم سنسر کے متعلق ہے۔ اس کے متعلق میری اپنی ایک رپورٹ تھی۔ ہوتا کیا ہے کہ ایک کہانی بنائی جاتی ہے اور پھر اس کو فلمایا جاتا ہے۔ ذہن اس کہانی کے مطابق ہوتا ہے اصل میں تعلیم کے تین طریقے ہیں ایک طریقہ تو ادارے ہیں 'مدارس ہیں' کالجز ہیں' دوسرا طریقہ ہے.......... (مداخلت)

جناب ایم ظہور الحق: جناب والا! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں ان کے علاوہ کئی ایک نقاط اور بھی ہیں جن پر اعتراض ہو سکتا ہے یا کسی صاحب کو قابل قبول نہ ہوں اگر ان کی آپ ایک فہرست بنا دیں کہ ان نقاط پر آپ کو اختلاف ہے یا علماء اس پر اپنی رائے کا اظہار کریں یا حکومت کی طرف سے ان پر اظہار رائے ہو تو میرے خیال میں سب کے لئے آسانی ہوگی وہ سب نقاط آپ نوٹ کر لیں۔ پہلے آپ نے تعزیر کے متعلق کہا تھا کہ اسلام میں تعزیر کا کوئی تصور ہی نہیں ہے' یہ ایک بڑا نقطہ تھا اور اس پر کوئی جواز علماء سے بھی طلب کریں اور حکومت سے بھی طلب کریں۔ دوسرا آج آپ نے یہ ایک اور اعتراض کیا ہے کہ اولوالامر کو یہ اختیار ہے یا نہیں ہے۔ اس طریقے پر جو نقاط آپ کے ذہن میں ہیں کہ ان کی اور کچھ وضاحت ہو جائے.......... (مداخلت)

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: یہی میرا مطلب تھا کہ ایک چیز کو ہم واضح کر دیں۔

جناب چیئرمین: تو آپ ایک فہرست بنا دیں اور اگلے اجلاس میں اس کو آپ زبانی سنا دیں۔ ہر ایک اس کا نوٹ لے لے گا۔ تو ایک سٹیج پر ہم پہنچ جاتے ہیں کہ میرے خیال میں کورم بھی نہیں رہتا۔ تو اب کب meet کریں' بدھ کو بھی غالباً شام کو ہی meet کرنا پڑے گا حکومت کی کچھ ایسی ذمہ داریاں ہیں ساڑھے چار بجے شروع کریں یا ۶ بجے شروع کریں۔

متعدد اراکین: ساڑھے چار بجے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے تو بدھ کو ساڑھے چار بجے شام کو meet کریں گے۔ شکریہ۔

---

*[The House adjourned the meet again at half past six of the clock in the evening on wednesday on February 5, 1986].*

PCPPI–2346(86)/Senate–3-3-87–300.